KPK BOARD NOTES

PAK STUDIES

9TH CLASS

Presented by:

Urdu Books Whatsapp Group

STUDY GROUP

0333-8033313
راؤ ایاز

0343-7008883
پاکستان زندہ باد

0306-7163117
محمد سلمان سلیم

باب 1

پاکستان کی نظریاتی اساس

مشقی سوالات

سوال 1: مندرجہ ذیل سوالات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) پاکستان کو کیسی ریاست کہا جا سکتا ہے؟

(الف) سیاسی (ب) تصوراتی

(ج) نظریاتی (د) معاشی

(۲) جو عناصر نظریہ کو تشکیل دیتے ہیں، وہ کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) اجزاء (ب) حصے

(ج) ذرائع (د) ماخذ

(۳) نظریاتی قوم کے افراد کیسی زندگی گزارتے ہیں؟

(الف) بامعنی (ب) بامقصد

(ج) باادب (د) بااخلاق

(۴) جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں کی زندگی کا محور کیا تھا؟

(الف) نظریہ پاکستان (ب) معاشی خوشحالی

(ج) تحریک پاکستان (د) مذہب اسلام

(۵) مسلمانوں کی جداگانہ قومیت کی بنیاد کس پر رکھی گئی؟

(الف) نماز (ب) کلمہ توحید

(ج) معاشرتی انصاف (د) حاکمیت اعلیٰ

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

(۶) اسلامی ریاست کن اصولوں پر قائم ہوتی ہے؟

(الف) سیاسی (ب) معاشی

(ج) جمہوری (د) آفاقی

(۷) قائداعظم محمد علی جناح نے شاہی دربار سبی (بلوچستان) سے کب خطاب فرمایا؟

(الف) 12 فروری 1948ء (ب) 14 فروری 1948ء

(ج) 14 مارچ 1948ء (د) 14 جولائی 1948ء

(۸) سرسیّد احمد خان کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) آگرہ (ب) مدراس

(ج) بنگال (د) دہلی

(۹) آخری مغل حکمران کا نام کیا تھا؟

(الف) ظہیرالدین بابر (ب) جلال الدین اکبر

(ج) اورنگزیب عالمگیر (د) بہادر شاہ ظفر

(۱۰) انگریز تاجروں کے تجارتی ادارے کا نام کیا تھا؟

(الف) ایسٹ انڈیا کمپنی (ب) برٹش انڈیا کمپنی

(ج) اینگلو انڈیا کمپنی (د) رائل انڈیا کمپنی

(۱۱) اُردو ہندی تنازعہ کب ہوا؟

(الف) 1867ء (ب) 1767ء

(ج) 1866ء (د) 1865ء

(۱۲) 1885ء میں کس پارٹی کی بنیاد رکھی گئی؟

(الف) مسلم لیگ (ب) انڈین نیشنل کانگرس

(ج) مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن (د) انجمن جماعت اسلام

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

(۱۳) نہرو رپورٹ کب پیش کی گئی؟

(الف) 1926ء (ب) 1927ء

(ج) 1828ء (د) 1928ء

(۱۴) 1938ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی کس شاخ نے تقسیم ہندوستان کی قرارداد پیش کی؟

(الف) پنجاب (ب) سرحد/خیبر پختونخوا

(ج) سندھ (د) بلوچستان

(۱۵) 1930ء میں آلہ آباد کے مقام پر صدارتی خطبہ کس نے پیش کیا؟

(الف) لیاقت علی خان (ب) علامہ اقبال

(ج) قائداعظم (د) مولوی فضل الحق

جوابات

۱۔ (ج) نظریاتی	۲۔ (د) ماخذ	۳۔ (ب) بامقصد
۴۔ (د) مذہب اسلام	۵۔ (ب) کلمہ توحید	۶۔ (ج) جمہوری
۷۔ (ب) 14 فروری 1948ء	۸۔ (د) دہلی	۹۔ (د) بہادر شاہ ظفر
۱۰۔ (الف) ایسٹ انڈیا کمپنی	۱۱۔ (الف) 1867ء	۱۲۔ (ب) انڈین نیشنل کانگرس
۱۳۔ (د) 1928ء	۱۴۔ (ج) سندھ	۱۵۔ (ب) علامہ اقبال

مختصر سوالات

سوال 1: نظریہ پاکستان کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: نظریہ پاکستان کا مفہوم اصل میں برصغیر کے مسلمانوں کے وہ اجتماعی سوچ اور فکر ہے جو جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں کے لئے ایک ایسی مسلمان ریاست کا قیام چاہتے تھے جہاں وہ آزادی سے اپنی زندگی اسلام کے بنائے ہوئے سنہرے اصولوں کے مطابق گزار سکیں۔ اس مقصد کے لئے جس اجتماعی

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی وذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

سوچ وفکر نے ان کی رہنمائی کی تھی وہ یہ تھی کہ مسلمان ہندوؤں سے الگ ایک جدا قوم ہیں۔اس لیے اُن کا اپنا ایک علیحدہ وطن ہونا چاہیے۔یہی قومی مقصد اور اس کو حاصل کرنے کے پیچھے کارفرما اجتماعی سوچ اصل میں نظریہ پاکستان کا صحیح مفہوم ہے۔

سوال 2: نظریے کے اقسام بیان کریں۔

جواب: نظریے مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔اس کے اہم اقسام درج ذیل ہیں۔

مذہبی نظریہ:

یہ وہ نظریہ ہے جس کی بنیاد مذہب پر ہوتا ہے اور اس کا مقصد کسی خاص مذہب کے بنیادی رہنما اصولوں کی روشنی میں ایک سماجی اور معاشرتی نظام کا قیام ہوتا ہے۔

سیاسی نظریہ:

سیاسی نظریہ وہ ہے جس کا مقصد ایک خاص قسم کا سیاسی نظام اور طرزِ حکومت کا قیام ہوتا ہے جو اُس نظریے کے پیروکاروں کے سوچ کے مطابق اُن کی زندگی میں بہتری لاسکے۔

اقتصادی نظریہ:

اقتصادی نظریہ وہ ہوتا ہے جو کسی قوم کو درپیش معاشی و اقتصادی مسائل کا حل پیش کرتے ہیں۔

سوال 3: دوقومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

جواب: دوقومی نظریہ وہ نظریہ ہے جس کا تصور سب سے پہلے سرسیّد احمد خان نے پیش کیا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں۔اُن کے درمیان ہر لحاظ سے واضح اختلافات موجود ہیں جن کی وجہ سے اُن کا زیادہ عرصے تک اکھٹا رہنا ناممکن ہے۔دوقومی نظریے کے مطابق ہندو اور مسلمان ہر لحاظ سے دو جدا جدا قومیں ہیں۔

سوال 4: اسلام ہمیں اقلیتوں کے ساتھ کیسے برتاؤ کی تعلیم دیتا ہے؟

جواب: اسلام ہمیں اقلیتوں کے ساتھ اچھے برتاؤ کی تعلیم دیتا ہے۔اسلام اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو برابر شہری حقوق کی تعلیم دیتا ہے۔اقلیتوں کو اپنی زبان، ثقافت اور مذہبی عبادت گاہوں کے تحفظ کی

تعلیم اسلام ہی ہمیں دیتا ہے۔ اُن کو سیاسی، معاشی، معاشرتی اور مذہبی حقوق اسلامی ریاست کے دوسرے شہریوں کی طرح حاصل ہوتے ہیں۔

سوال 5: ہندوؤں نے اُردو زبان کی مخالفت کیوں کی تھی؟

جواب: ہندوؤں نے اُردو زبان کی مخالفت محض اِس وجہ سے کی تھی اور کرتے رہے تھے کہ اُن کے خیال میں اُردو مسلمانوں کی زبان تھی۔ کیونکہ اِس میں عربی اور فارسی کے بہت سے الفاظ شامل تھے اور ہندو عربی اور فارسی کو مسلمانوں کی زبان سمجھتے تھے۔ نیز اُردو عربی اور فارسی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی۔

سوال 6: مسلم لیگ کی قیام کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

جواب: کانگرس اگرچہ ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کی یکساں نمائندگی کا دعویٰ کرتی تھی لیکن کانگرس پر ہندوؤں کی غلبہ کی وجہ سے اُن کی پالیسیاں اور مفادات مسلمانوں کے مفادات کے یکسر منافی تھی۔ اس وجہ سے مسلم لیگ کی قیام کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اس کے علاوہ دوسرے وجوہات بھی تھے۔

انتہا پسند ہندو تنظمیں:

انتہا پسند ہندو تنظیموں کی وجہ سے مسلم لیگ کی قیام کی ضرورت محسوس کی گئی۔

مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت:

مسلمانوں کے حقوق کی صحیح حفاظت کے لئے مسلم لیگ کا قیام ناگزیر تھا۔

اُردو ہندی تنازعہ اور تقسیم بنگال:

اُردو مسلمانوں کی تہذیب کی پہچان تھی۔ ہندو اس زبان کی جگہ ہندی کو رائج کرنا چاہتے تھے۔ نیز تقسیم بنگال مسلمانوں کے حق میں بہتر تھا اور کانگرس نے اِس کی مخالفت کی تھی۔ ان وجوہات کی وجہ سے مسلم لیگ کے قیام کی ضرورت محسوس کی گئی۔

سوال 7: نہرو رپورٹ مسلمانوں کی سیاسی سوچ پر کس طرح اثر انداز ہوئی؟

جواب: نہرو رپورٹ 1928ء میں پیش کی گئی تھی۔ اِس رپورٹ کے سفارشات مسلمانوں کی خواہشات اور اُن کے مفادات کے سراسر منافی تھے۔ اِس رپورٹ نے ہندو مسلم اتحاد کے امکان کو ہمیشہ

ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا اور یہ مسلمانوں کی سیاسی سوچ پر اس طرح اثر انداز ہوئی کہ مسلمانوں کو احساس ہوا کہ ہندو اکثریت کے تحت متحدہ ہندوستان میں مسلمانوں کے مفادات کا تحفظ ناممکن ہے۔ اس تاریخی مقام سے دوقومی نظریہ سے نظریہ پاکستان نے جنم لیا اور دونوں کے راستے جدا ہوئے جو قیام پاکستان پر منتج ہوئے۔

سوال 8: قرارداد لاہور کب پیش کی گئی اور اس میں کیا مطالبہ کیا گیا؟

جواب: قرارداد لاہور 23 مارچ 1940ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کے لاہور میں منعقدہ اجلاس میں پیش کی گئی۔ اس اجلاس میں مسلمانانِ ہند نے آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے ہندوستان میں علیحدہ اسلامی مملکت کے قیام کا مطالبہ کیا۔

سوال 9: نظریہ اور قومی کردار کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

جواب: نظریہ اور قومی کردار کا آپس میں گہرا تعلق ہے کیونکہ نظریاتی قوم کے افراد اپنے قومی کردار کی تشکیل میں اپنے نظریے سے رہنمائی لیتے ہیں۔ قومی کردار میں متعلقہ نظریہ کا واضح جھلک موجود ہوتا ہے۔ نظریہ قومی کردار کے لئے بنیاد کا کام دیتا ہے۔

سوال 10: ہمارا قومی کردار کیسا ہونا چاہیے؟ تین نکات بیان کریں۔

جواب: (۱) **وطن سے محبت:**

ہمارے قومی کردار میں اپنے وطن سے محبت ہونی چاہیے اور یہ کہ نظریہ پاکستان کے مقاصد کے حصول کے لیے ہر قسم کی قربانی دینی چاہیے۔

(۲) **قومی مفاد کو ترجیح:**

ہمارے قومی کردار میں ریاست پاکستان کے مفاد کو اپنے ذاتی، علاقائی اور صوبائی مفادات پر ترجیح دینی چاہیے۔

(۳) **مذہبی رواداری:**

ہمارے قومی کردار میں مذہبی رواداری ہونی چاہیے اور اس حوالے سے ہمیں مذہبی منافرت،

فرقہ پرستی، صوبائی اور لسانی عصبیت پھیلانے سے ہوشیار رہنا چاہیے تاکہ ہماری اولین اور بنیادی شناخت یعنی پاکستانی قومیت کے تصور کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

تفصیلی سوالات

سوال 1: نظریہ کے ماخذ کیا ہے؟ نظریے کی ضرورت اور اہمیت بیان کریں۔

جواب: نظریہ کی تعریف:

ہر انسان کی زندگی کا ایک خاص مقصد ہوتا ہے اور اِس مقصد کے حصول میں اُس کی عقل، علم اور تجربات اُس کی رہنمائی کرتے ہیں۔ اسی طرح ہر قوم اپنی اجتماعی قومی زندگی کے مقصد کے حصول کے لئے اجتماعی سوچ اور فکر کی روشنی میں جو مشترکہ کوشش کرتی ہے اُس کو نظریہ کہا جاتا ہے۔

نظریہ کے ماخذ:

نظریہ کو تشکیل دینے والے عناصر نظریہ کے ماخذ کہلاتے ہیں۔ یہ عناصر نظریہ کے بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ نظریہ کے ماخذ والے عناصر میں مذہبی اور اخلاقی اقدار، ثقافت، تہذیب، سیاسی تاریخ اور معاشرتی روایات شامل ہیں۔

نظریہ کی ضرورت اور اہمیت:

نظریہ قوموں میں اتفاق اور اتحاد پیدا کرنے کا سبب ہے۔ قومی مقاصد کے حصول میں نظریہ کی اہمیت اور ضرورت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ نظریہ قومی مقاصد کے حصول کی راہ دکھانے کے ساتھ ساتھ اُن مقاصد کے حصول میں پیش آنے والے مشکلات کی نشان دہی بھی کرتا ہے اور اُن مشکلات پر قابو پانے کا طریقہ بھی بتاتا ہے۔ درج ذیل اُمور کی وجہ سے نظریہ کی ضرورت اور اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔

اتحاد و اتفاق میں کردار: نظریہ قوموں اور معاشروں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرتا ہے کیونکہ یہ معاشرے یا قوم کو ایک سوچ اور فکر دیتا ہے جس سے اختلافات ختم ہو جاتے ہیں اور مثالی اتحاد و اتفاق پیدا ہو جاتا ہے۔

قوانین بنانے میں کردار: کسی بھی قوم اور معاشرے کے لئے قوانین یا آئین لازمی ہوتا ہے۔ اس حوالے سے نظریہ ملکی آئین اور قوانین بنانے میں رہنمائی فراہم کرتا رہتا ہے۔ نظریاتی قوموں کو قانون سازی و آئین سازی میں مشکلات نہیں ہوتے۔

اقدار کی حفاظت: نظریہ کی ضرورت اور اہمیت یہ ہے کہ یہ قوموں کی تہذیب، ثقافت، مذہبی اور معاشرتی اقدار کی حفاظت کا کام سرانجام دیتا ہے۔ منفی اور غلط بیرونی اثرات اور رجحانات سے نظریہ حفاظت کا کام دیتی ہے۔

حل مشکلات: قوموں پر قومی زندگی میں مشکلات آتے رہتے ہیں لیکن نظریہ نہ صرف قوموں میں مشکل حالات کا سامنے کرنے بلکہ اُن کو حل کرنے کی اہلیت بھی پیدا کرتا ہے۔ نظریاتی قومیں ہر قسم کے مشکل حالات میں حوصلہ سے کام لیتے ہیں۔

قومی شناخت اور کردار: ہر قوم کا ایک قومی شناخت اور قومی کردار ہوتا ہے جس کی تشکیل میں نظریہ اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ قوم کو ایک امتیازی مقام عطا کرتا ہے۔

بامقصد زندگی: نظریہ کی ضرورت اور اہمیت یہ ہے کہ یہ قوم کو اپنا وقت فضول اور بے معنی کاموں اور سرگرمیوں میں ضائع نہیں کرنے دیتا بلکہ نظریاتی قوم کے افراد ہمیشہ بامقصد زندگی گزارتے ہیں۔

علم اور عمل: نظریہ علم اور عمل کی جانب رہنمائی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نظریہ نہ صرف مادی ترقی کی بات کرتا ہے بلکہ اِس کے ساتھ ساتھ روحانی اور انسانی ہمدردی کی راہ دکھاتا ہے۔ نظریہ کسی بھی قوم کی ماضی، حال اور مستقبل کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ قوموں کی زندگی کے تمام سیاسی، اقتصادی، معاشرتی اور ثقافتی پہلوؤں پر نظریہ گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔

سوال 2: نظریہ پاکستان کی اساس اور اجزائے ترکیبی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: اسلام جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں کی زندگی کا محور اور مرکز تھا۔ نظریہ پاکستان کی بنیاد میں دین کے ساتھ اُن کی محبت کے محرک کے ساتھ ساتھ اپنی مذہبی شناخت کی تحفظ کا محرک بھی کارفرما تھا۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

نظریہ پاکستان کی اساس اور اجزائے ترکیبی

اسلام اور عقیدۂ توحید: نظریہ پاکستان اور اس کی اجزائے ترکیبی میں سب سے پہلے اسلام اور عقیدۂ توحید ہے کیونکہ نظریہ پاکستان اور مسلمانوں کی علیحدہ قومیت کی بنیاد کلمہ توحید اور مذہب اسلام پر رکھی گئی ہے۔ برصغیر میں جب سب سے پہلا شخص مسلمان ہوا اُس وقت سے ہی ایک نئی قوم وجود میں آ گئی۔

اسلامی نظام حیات: اسلام صرف ایک دین ہی نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ ایک روشن خیال اور معتدل معاشرہ کے قیام کا سبب ہے کیونکہ اسلامی نظام حیات انسان کی سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی زندگی کی ساری ضروریات کا حل پیش کرتا ہے۔

تصور حاکمیت اعلیٰ: اسلام میں انسان کی زندگی کا بنیادی مقصد اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہے۔ اصل اقتدار اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ انسان محض اللہ تعالیٰ کا نائب ہے۔ پاکستان کا مطلب جنوبی ایشیاء میں ایسی ریاست کا قیام تھا جہاں پر اقتدار اعلیٰ کے تصور کو عملی طور پر نافذ کرنا تھا۔ اسی وجہ سے ہمارے ملک کے آئین میں بنیادی شرط یہ ہے کہ پاکستان میں قرآن وسنت کے منافی کوئی قانون سازی نہیں کی جائے گی۔

معاشرتی انصاف اور مساوات: نظریہ پاکستان کے اہم ترین عناصر میں معاشرتی انصاف اور مساوات کا نظریہ ہے۔ نظریہ پاکستان کا بنیادی مقصد تمام لوگوں کو برابری کی بنیاد پر یکساں اور مساوی حقوق کی فراہمی تھی اسی وجہ سے پاکستان کی آئین تمام شہریوں کو بلاتفریق مذہب، رنگ ونسل کے برابر حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔

اسلامی طرز جمہوریت: اسلامی ریاست جمہوری اور شورائی اصولوں پر قائم ہوتی ہے۔ اسلام تمام اُمور میں مشورے کو اہم مقام دیتا ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں کی خواہش تھی کہ ان کا اپنا الگ اور خودمختار ریاست ہوں جہاں اسلام کے جمہوری اصولوں پر عمل کیا جائے۔ اسی وجہ سے ہمارے ملک پاکستان کا آئین بھی اسلامی جمہوری معاشرے کی عکاسی کرتا ہے۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

اقلیتوں کے مساوی حقوق: اسلامی ریاست میں غیر مسلم اقلیتوں کو بھی برابر کے شہری حقوق حاصل ہوتے ہیں۔ پاکستان کی آئین اقلیتوں کو مساوی حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔

سوال 3: نظریہ پاکستان کے ارتقاء پر روشنی ڈالیں؟

جواب: ہندوستان میں دوقومی نظریے کی ارتقاء کی تاریخ بہت پرانی اور دلچسپ ہے۔ یہ مختلف ادوار پر مشتمل ہے۔

قبل از فاتحین دور:

یہ بات سورج کی طرح واضح ہے کہ آپؐ اور آپؐ کے صحابہؓ میں سے اکثر کا پیشہ تجارت تھا اس لئے دوقومی نظریے کا ارتقاء اُس وقت سے شروع ہوتا ہے جب مسلمان تاجر برصغیر کے ساحلی علاقوں کو تجارت کی غرض سے آئے اور اُن کے کردار اور تجارت کے ساتھ اُن کے تبلیغ سے یہاں کے باشندے اسلام میں داخل ہوئے۔ اصل ارتقاء یہاں سے شروع ہوئی۔

مسلمان فاتحین کا دور:

ہندوستان میں دوقومی نظریے کا دوسرا دور مسلمان فاتحین جیسے محمد بن قاسم، محمود غزنوی، محمد غوری سے مغلوں کی آمد تک دوسرا ارتقائی دور ہے۔ اس دور میں اسلام برصغیر کے طول وعرض میں پھیل گیا لیکن ہندوؤں اور مسلمانوں کے امتیازی اوصاف اپنی جگہ پر قائم تھے۔

مسلمان علماء کا دور:

مسلمان علماء میں مجدد الف ثانی سے لیکر شاہ ولی اللہ، شاہ اسماعیل شہید اور سید احمد بریلوی کے تمام کارنامے دوقومی نظریے کے ارتقاء کی کڑیاں ہیں۔

ایسٹ انڈیا کمپنی اور انگریزوں کا اقتدار:

دوقومی نظریے کے ارتقاء میں یہ دور ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس دور میں دوقومی نظریے کو باقاعدہ طور پر عملی شکل دیدی گئی۔ اسی دوران مغل حکومت ختم ہوگئی اور انگریزوں نے ہندوستان میں اپنی حکومت قائم کی۔ مسلمانوں کو جنگ آزادی میں ناکامی ہوئی اور انگریز مسلمانوں کو جنگ آزادی کا ذمہ

دار سمجھتے تھے۔ نتیجتاً مسلمانوں کی جائیدادیں ضبط اور ملازمتوں کے دروازے ان پر بند ہوئے جس کی وجہ سے مسلمانوں کی معاشی، سیاسی اور معاشرتی حالت بہت خراب ہوگئی۔

جنگ آزادی کے بعد سیاسی جدوجھد:

1885ء میں کانگریس پارٹی کی بنیاد ایک انگریز اے او ہیوم نے رکھ دی۔ اگرچہ کانگریس اپنے آپ کو تمام ہندوستان کے عوام نمائندہ جماعت کے طور پر پیش کرتی تھی لیکن اصل میں وہ یہاں ہندو راج قائم کرنا چاہتے تھے۔

سر سید احمد خان اور دو قومی نظریہ:

سرسید احمد خان دو قومی نظریہ کے باضابطہ خالق تھے۔ شروع میں آپ ہندو مسلم اتحاد کے حامی تھے لیکن 1957ء کی جنگ آزادی کے واقعات، اُردو ہندی تنازعہ، کانگریس کی بنگال کی تقسیم کی مخالفت وغیرہ نے آپ کو اس پر قائل کرلیا تھا کہ ہندو اور مسلمان تاریخی، ثقافتی، سیاسی، معاشی اور مذہبی عقائد و اقدار کے لحاظ سے دو علیحدہ علیحدہ قومیں ہیں۔

سیاسی قائدین کا دور اور دو قومی نظریہ کا نظریہ پاکستان تک سفر:

1885ء میں کانگریس کی بنیاد رکھی گئی تھی لیکن کانگریس ہندوستان کے سارے عوام اور قوموں کی نمائندگی کی آڑ میں صرف ہندو راج کا قیام اور ہندوؤں کے مفادات کا تحفظ کرتی تھی لیکن علی گڑھ سے فارغ قائدین نے مسلم لیگ کی بنیاد 1906ء میں رکھ دی۔ ان قائدین میں سر آغا خان، نواب محسن الملک، نواب وقار الملک، مولانا شوکت علی، مولانا محمد علی وغیرہ کی خدمات دو قومی نظریے کے فروغ کے حوالے سے ناقابل فراموش ہیں۔

آخری دَور:

دو قومی نظریئے کے آخری دَور میں چوہدری رحمت علی، علامہ اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ علامہ اقبال نے 1930ء کے خطبہ آلہ آباد کے موقع پر دو

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

قومی نظریہ کو ناقابل یقین حد تک واضح کیا۔ اسی طرح 1933ء میں چوہدری رحمت علی نے دوقومی نظریے کے اختتام کا اشارہ نئی اسلامی ریاست کو پاکستان کا نام دیکر واضح کیا تھا۔

قرار داد لاہور 1940ء:

قائداعظم نے دوقومی نظریے کو عملی شکل دیدی۔ جب آپ کی صدارت میں مارچ 1940ء کو وہ مشہور قرارداد لاہور پاس ہوئی جو بعد میں قرارداد پاکستان کے نام سے مشہور ہوئی۔ اسی طرح قائداعظم کی کوششوں سے دوقومی نظریہ اپنے ارتقاء کے آخری مرحلے پر نظریہ پاکستان بن گیا اور جو 14 اگست 1947ء کو مسلمانوں کے لئے الگ ریاست کے قیام پر منتج ہوا۔

سوال 4: قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبال نے اپنے فرمودات میں نظریہ پاکستان کی تشریح کن الفاظ میں کی ہے؟

جواب: نظریہ پاکستان:

نظریہ پاکستان سے مراد پاکستان کا لائحہ عمل، پروگرام اور نظام زندگی ہے۔ نظریہ پاکستان سے مراد اسلام ہے یعنی حصول پاکستان کا مقصد اسلام کا مکمل نفاذ ہے۔

نظریہ پاکستان کی تشریح قائداعظم کے فرمودات کی روشنی میں:

مسلمانوں کو فکری بنیاد علامہ اقبال نے جبکہ عملی کام قائداعظم نے کیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلمانوں نے متحد ہو کر نظریہ پاکستان کے تحت پاکستان بنایا۔ قائداعظم شروع میں ہندو مسلم اتحاد کے زبردست حامی تھے لیکن ہندوؤں کے رویئے سے آپ مایوس ہوئے تو نظریہ پاکستان کے قائل ہو گئے۔ نظریہ پاکستان کی تشریح آپ نے مختلف مقامات پر کچھ اس طرح کی۔

مارچ 1940ء کے موقع پر:

23 مارچ 1940ء کو لاہور میں مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس سے خطاب کے دوران نظریہ پاکستان کی تشریح اس طرح کی:

"ہندومت اور اسلام صرف دو مذاہب ہی نہیں بلکہ دو جداگانہ نظام ہیں اس لئے یہ تصور محض خواب ہی سمجھنا چاہیے کہ مسلمان اور ہندو کبھی ایک مشترکہ قوم کی حیثیت اختیار کر سکیں گے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا تعلق دو الگ الگ تہذیبوں سے ہے جن کی بنیاد ایسے خیالات اور نظریات پر رکھی گئی ہے جو ایک دوسرے کی ضد ہے"۔

علی گڑھ طلباء کو:

1938ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کے طلباء سے خطاب کے دوران نظریہ پاکستان کی تشریح کچھ اس طرح کی۔ "مسلم لیگ نے بڑی حد تک مسلمانوں کو برطانوی راج سے نجات دلا دی ہے لیکن ابھی ایک اور طاقت موجود ہے جو خود کو حکومت برطانیہ کا جانشین تصور کرتی ہے۔ آپ اس کو کسی بھی نام سے پکار سکتے ہیں مگر اس کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ وہ ہندوستان میں ہندو راج قائم کرنا چاہتی ہے۔"

گاندھی جی کے نام خط میں تشریح:

گاندھی جی کے نام خط میں نظریہ پاکستان اور مسلمانوں کے الگ قومی شناخت کی تشریح کچھ اس طرح کی۔ "ہم مسلمان اپنی تابندہ تہذیب اور تمدن کے لحاظ سے ایک قوم ہیں۔ زبان وادب، فنون لطیفہ، فن تعمیر، قانون واخلاق، رسم ورواج، تاریخ، روایات اور رجحان اور مقاصد ہر حوالے سے ہمارا اپنا انفرادی نکتہ نظر اور فلسفہ حیات ہے۔ بین الاقوامی قانون کی تعریف کی رُو سے مسلمان ایک جدا قوم ہیں۔"

اجلاس مسلم لیگ 1943ء:

قائداعظم نے 1943ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس جو کراچی میں منعقد ہوا، فرمایا: "وہ کونسا رشتہ ہے جس میں منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسد واحد کی طرح ہیں۔ وہ کونسی چٹان ہے جس پر ان کی ملت کی عمارت استوار ہے۔ وہ کون سا لنگر ہے جس سے اس اُمت کی کشتی محفوظ کی گئی ہے۔ وہ رشتہ، وہ چٹان، وہ لنگر اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن مجید ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جوں جوں ہم آگے بڑھتے جائیں

گے ہم میں زیادہ سے زیادہ اتحاد پیدا ہوگا۔ایک اللہ تعالیٰ،ایک رسولؐ،ایک کتاب،ایک اُمت"۔

1944ء بمقام علی گڑھ:

1944ء کو علی گڑھ یونیورسٹی میں خطاب کے دوران فرمایا:

"تقسیم ہند کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اس کی وجہ نہ ہندوؤں کی تنگ نظری ہے، نہ انگریزوں کی چال، یہ اسلام کا بنیادی مطالبہ تھا"۔

افسروں سے خطاب:

پاکستان بننے کے بعد 1947ء میں افسروں سے خطاب کے دوران قائداعظم نے فرمایا:

"ہمارا نصب العین یہ تھا کہ ہم ایک ایسی ریاست کو وجود میں لائیں جہاں ہم آزاد انسانوں کی طرح رہ سکیں جو ہماری تہذیب کی روشنی میں ترقی کر سکیں اور جہاں اسلام کے معاشرتی انصاف کو اُبھرنے کا موقع ملے"۔

نظریہ پاکستان کی تشریح علامہ اقبال کے فرمودات کی روشنی میں:

علامہ اقبال بہت عظیم قومی شاعر تھے۔انہوں نے اپنی شاعری اور تقریروں کے ذریعے مختلف مواقع پر نظریہ پاکستان کی تشریح کچھ اس طرح کی ہے:

پیغام توحید: علامہ اقبال نے مسلمانوں کو توحید کا دامن پکڑنے پر زور دیا اور بتایا کہ دنیا کا خالق و مالک ایک اللہ ہی ہے۔اس میں مسلمانوں کی کامیابی ہے۔

یہ ایک سجدہ جسے تُو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدم کو نجات
زندہ قوت تھی جہاں میں یہی توحید کبھی
آج کیا ہے فقط اِک مسئلہ کلام

اسلام کا مقام: علامہ نے مسلمانوں کو اسلام کی اہمیت اور مقام سے اس طرح روشناس کیا۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

2 اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمیؐ

خطبہ آلہ آباد کی روشنی میں: آلہ آباد میں خطبہ کے دوران مسلمانوں کے لئے الگ ریاست کا تصور ان الفاظ میں پیش کیا جو نظریہ پاکستان کی تشریح ہے۔

''میری خواہش ہے کہ پنجاب، صوبہ سرحد، سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک ریاست بنا دیا جائے۔ یہ شمال مغربی علاقوں کے مسلمانوں کا تقدیر بن چکا ہے''۔

مسلم کانفرنس 1932ء: علامہ اقبال نے 1932ء میں مسلم کانفرنس کے اجلاس کے دوران نظریہ پاکستان کی وضاحت کچھ اس طرح کی۔

''میں یورپ کے وطنیت کا مخالف ہوں۔ میری مخالفت اس بناء پر ہے کہ میں اس کے اندر ملحدانہ مادیت پرستی کے بیج دیکھتا ہوں۔ جو میرے نزدیک انسانیت کے لئے ایک عظیم خطرہ ہے''۔

قومیت کا فرق: علامہ اقبال نے 1910ء میں علی گڑھ کالج کے طلباء کی طرف سے دعوت کے موقع پر مسلمانوں کی قومیت کے بارے میں فرمایا تھا۔

''مسلمانوں اور دنیا کے دوسرے قوموں میں اصولی فرق یہ ہے کہ اسلام کا تصورِ قومیت دیگر قوموں سے مختلف ہے۔ ہماری قومیت کا اصول نہ اشتراک زبان پر ہے، نہ اشتراک وطن پر اور نہ ہی اشتراک اغراض اقتصادی پر، بلکہ ہم لوگ اس برادری میں ہیں جو جناب محمد ﷺ نے قائم فرمائی ہے۔''

نتیجہ:

برصغیر پاک و ہند کے ان دو عظیم رہنماؤں کے فرمودات سے نظریہ پاکستان سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ دونوں نے اپنے ارشادات میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان تہذیبی، ثقافتی اور مذہبی اختلافات کے حوالے دیکر یہ ثابت کیا ہے کہ ہندوؤں اور مسلمان ہر لحاظ سے دو جدا جدا قومیں ہیں اور ان کے درمیان واضح اختلافات موجود ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ دونوں ایک ریاست میں اکھٹے نہیں رہ سکتے۔ اس لئے یہ مسلمانوں کا حق ہے کہ ان کا اپنا جدا وطن ہوں۔ جہاں وہ اپنی مذہبی، ثقافتی اور معاشرتی اقدار اور طور طریقوں کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

باب 2

قیام پاکستان

مشقی سوالات

سوال 1: مندرجہ ذیل جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(ا) تقسیم بنگال کا فیصلہ کب کیا گیا؟

(الف)1805ء (ب)1905ء (ج)1906ء (د)1911ء

(۲) قراردادِ لاہور کس نے پیش کی؟

(الف)علامہ اقبال (ب)قائداعظم

(ج)لیاقت علی خان (د)مولوی فضل الحق

(۳) دوسری جنگ عظیم کا آغاز کب ہوا تھا؟

(الف)1838ء (ب)1938ء (ج)1939ء (د)1945ء

(۴) کرپس مشن کتنے وزیروں پر مشتمل تھا؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

(۵) سی۔آر فارمولا کس نے پیش کیا؟

(الف)راج گوپال آچاریہ (ب)جواہرلال نہرو

(ج)مہاتما گاندھی (د)مولانا عبدالکلام آزاد

(۶) 1945-46ء کے انتخابات میں مسلم لیگ نے کتنی نشستیں حاصل کیں؟

(الف)354 (ب)402 (ج)450 (د)454

(۷) جواہرلال نہرو کب آل انڈیا نیشنل کانگریس کے صدر منتخب ہوئے؟

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

(الف)1935ء (ب)1945ء (ج)1946ء (د)1947ء

(۸) 1946-47ء کے عبوری حکومت میں وزیر مالیات کس کو مقرر کیا گیا؟

(الف)لیاقت علی خان (ب)چوہدری محمد علی

(ج)سردار عبدالرب نشتر (د)حسین شہید سہروردی

(۹) ہندوستان کے آخری وائسرائے کون تھے؟

(الف)لارڈ ایٹلی (ب)لارڈ ویول (ج)لارڈ ماؤنٹ بیٹن (د)لارڈ کرزن

(۱۰) 1947ء میں دہلی کے مسلم لیگ کونسل کا اجلاس کب منعقد ہوا؟

(الف)9جون (ب)10جون (ج)10جولائی (د)12جولائی

(۱۱) 3جون کے منصوبے کے رُو سے کن صوبوں کو تقسیم کرنا طے پایا تھا؟

(الف)بمبئی اور سندھ کا (ب)پنجاب اور بنگال

(ج)سرحد / خیبر پختونخوا اور بلوچستان (د)کلکتہ اور مدراس

(۱۲) ریڈکلف ایوارڈ کا اعلان کب کیا گیا؟

(الف)14جولائی 1947ء (ب)30جولائی 1947ء

(ج)14اگست 1947ء (د)17اگست 1947ء

(۱۳) بنگال کے نواب سراج الدولہ کو انگریزوں نے کب شکست دی؟

(الف)1757ء (ب)1857ء (ج)1957ء (د)1868ء

(۱۴) قائداعظم نے کب مسلم لیگ میں شرکت کی؟

(الف)1905ء (ب)1906ء (ج)1913ء (د)1923ء

(۱۵) کسی رہنما کو ہندو مسلم سفیر کا خطاب دیا گیا؟

(الف)جواہر لال نہرو (ب)مہاتما گاندھی (ج)مولانا ابوالکلام آزاد (د)قائداعظم

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

جوابات

۱۔ (ب)1905ء	۲۔ (د)مولوی فضل الحق	۳۔ (ج)1939ء
۴۔ (ب) تین	۵۔ (الف)راج گوپال آچاریہ	۶۔ (د)454
۷۔ (ج)1946ء	۸۔ (الف)لیاقت علی خان	۹۔ (ج)لارڈ ماؤنٹ بیٹن
۱۰۔ (د)10جون	۱۱۔ (ب) پنجاب اور بنگال	۱۲۔ (د)17اگست 1947ء
۱۳۔ (الف)1757ء	۱۴۔ (ج)1913ء	۱۵۔ (د) قائداعظم

مختصر سوالات

سوال 1: کن واقعات نے مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان فاصلوں کو بڑھا دیا؟

جواب: جن واقعات نے مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان فاصلوں کو بڑھا دیا وہ درج ذیل ہیں۔

اُردو ہندی تنازعہ: 1867ء کے اُردو ہندی تنازعہ نے دونوں کے درمیان فاصلوں کو بڑھا دیا۔ ہندو اُردو زبان کے جگہ ہندی زبان رائج کرنا چاہتے تھے۔

تقسیم بنگال کی مخالفت:

1905ء میں بنگال کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا جس سے مسلمانوں کو فائدہ ہوا۔ ہندوؤں نے اِسکی بھی مخالفت کی۔ جس سے فاصلے بڑھ گئے۔

دوسرے واقعات:

چورا چوری کا واقعہ، کوہاٹ کے ہندو مسلم فسادات، موپلا قبائل کا مسئلہ۔ 1937ء کے کانگریسی وزارتوں کے تلخ تجربات، شدھی اور سنگھٹن جیسی ہندو پرست تحریکوں نے مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان نہ صرف فاصلوں کو بڑھا دیا بلکہ اکھٹا رہنا ناممکن بنا دیا۔

سوال 2: کرپس مشن نے کیا تجاویز پیش کی؟

جواب: کرپس مشن: دوسری جنگ عظیم کے دوران بگڑتی ہوئی بین الاقوامی صورت حال

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

کے پیش نظر برطانوی وزیراعظم چرچل نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے ایک رُکن سر سٹیفورڈ کرپس کو ہندوستان کے سیاسی بحران کے حل کے لئے تین افراد کے وفد کے سربراہ کے طور پر بھیجا۔ وفد 23 مارچ 1942ء کو ہندوستان پہنچا۔ اُنہوں نے سیاسی رہنماؤں سے تفصیلی ملاقات کے بعد اپنی تجاویز پیش کئے جو درج ذیل ہیں:

انتخابات:

جنگ کے بعد عام انتخابات کرائے جائیں گے۔

دستور ساز اسمبلی:

دستور ساز اسمبلی کا چناؤ صوبائی اسمبلی کے ممبران کریں گے اور اس میں دیسی ریاستوں کو نمائندگی دی جائے گی۔

نو آبادیات:

جنگ کے خاتمے پر دستور ساز اسمبلی کا بنایا ہوا آئین نافذ ہوگا اور ہندوستان کو نو آبادیات کا درجہ دیا جائے گا۔

صوبائی خودمختاری:

جو صوبے نئے آئین کے تحت وفاق میں شامل نہیں ہونا چاہتے تو انہیں علیحدہ حیثیت اور وفاق سے باہر رہنے کا حق حاصل ہوگا۔

دفاع:

جنگ کے دوران ہندوستان کے دفاع کی ساری ذمہ داری برطانوی حکومت کے ہاتھوں میں ہوگی۔

سوال 3: کرپس مشن کی تجاویز کو کانگریس اور مسلم لیگ نے کیوں مسترد کردیا؟

جواب: کرپس مشن کے تجاویز کو کانگریس اور مسلم لیگ دونوں نے اپنے اپنے وجوہات کی وجہ سے مسترد کردیا۔

نیشنل کانگریس:

کانگریس نے کرپس تجاویز کو اس بنیاد پر مسترد کردیا کہ اس میں ہندوستان کی فوری آزادی

کے لئے اقدامات نہیں تھے کیونکہ اس کے لئے جنگ کے بعد کا وقت دیا گیا تھا۔

پاکستان کی بو:

دوسری بات یہ تھی کہ اس سے کانگریس کو پاکستان کی بو آتی تھی کیونکہ ان تجاویز میں سے ایک یہ تھا کہ صوبے اگر چاہیں تو وفاق سے علیحدہ ہو سکتے ہیں۔

مسلم لیگ:

ابہام: مسلم لیگ نے ان تجاویز کو اس لئے مسترد کیا کہ اس میں مسلمانوں کے لئے علیحدہ وطن کا مطالبہ واضح انداز میں تسلیم نہیں کیا گیا تھا۔

عدم شرکت بات چیت: اس کے علاوہ مسلم لیگ کا اعتراض تھا کہ ان کو گفت وشنید کے دوران اعتماد میں نہیں لیا گیا تھا۔ اسی طرح کرپس مشن اپنے مقصد میں ناکام ہو گیا۔

سوال 4: شملہ کانفرنس کیوں ناکام ہوئی؟

جواب: شملہ کانفرنس:

کرپس مشن اور گاندھی جناح مذاکرات کی ناکامی کے بعد وائسرائے ہند لارڈ ویول نے شملہ کے مقام پر ہندوستان کے تمام سیاسی رہنماؤں کا اجلاس 25 جون 1945ء کو طلب کیا۔

قابل قبول حل:

یہ کانفرنس ہندوستان کے مسئلہ کے ایسے حل کے لئے بلایا گیا تھا جو فریقین کو منظور ہوں۔

گورنر جنرل انتظامی کونسل کی تشکیل:

کانفرنس کے نتیجے کے طور پر گورنر جنرل کی انتظامی کونسل کی تشکیل کرنا مقصود تھی۔

تناسب نمائندگی:

مجوزہ کونسل میں ہندو مسلم نمائندگی کے تناسب اور مختلف فرقوں کے نمائندوں کی نامزدگی کے بارے میں مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان سخت اختلافات سامنے آئے۔ وائسرائے نے دونوں پارٹیوں سے نمائندوں کی فہرست دینے کو کہا جس پر قائداعظم نے یہ فہرست دینے سے یہ کہتے ہوئے

انکار کیا کہ پہلے اس اصول کو مان لیں کہ صرف مسلم لیگ ہی مسلمان نمائندے نامزد کرے گی جو وائسرائے کے لئے ناممکن تھا۔اس کے علاوہ پنجاب یونینسٹ پارٹی کے خضر حیات اپنے لئے جدا مسلمان نمائندہ چاہتے تھے۔ جس کی قائداعظم مخالف تھے۔ اس وجہ سے شملہ کانفرنس ناکام ہوئی۔جس کا وائسرائے کوخود اعلان کرنا پڑا۔

سوال 5: 1945-46ء کے عام انتخابات میں مسلم لیگ کس طرح کامیاب ہوئی؟

جواب: 1945-46 کے عام انتخابات میں مسلم لیگ کی کامیابی: فروری 1945ء میں مرکزی اسمبلی کے انتخابات منعقد ہوئے۔جس میں کانگرس اور مسلم لیگ نے بھرپور انداز میں حصہ لیا۔

آزادی ہندوستان اور دستوری مسئلہ:

مسلم لیگ نے انتخابات میں اس طرح کامیابی حاصل کی کہ ہندوستان کی آزادی اور دستوری مسئلہ پر مسلم لیگ کانگریس کی خلاف تھی۔کانگریس نے متحدہ ہندوستان کے نام پر جبکہ مسلم لیگ نے پاکستان کے نام پر یہ انتخابات لڑے۔الیکشن کے دوران قائداعظم اور مسلم لیگ نے بھرپور انداز میں مسلمانوں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ ہندوستان میں مسلمانوں کا مستقبل محفوظ دیکھنا چاہتے ہیں تو ان کو پاکستان کے مطالبے پر مسلم لیگ کا ساتھ دیکر ان کے نامزد اُمیدواروں کو ووٹ دینا چاہیئے۔ بصورت دیگر وہ ہمیشہ کے لئے کانگریس کے غلامی میں چلے جائیں گے۔اسی طرح مسلم لیگ نے 1945-46ء کے عام انتخابات میں تمام مرکزی اور 492 مسلم صوبائی نشستوں میں سے 454 پر واضح کامیابی حاصل کی۔

سوال 6: 1946ء میں مجالس قانون ساز کے اجلاس میں کیا مطالبات پیش کیے گئے؟

جواب: الیکشن کے بعد مسلم لیگ کے ٹکٹ پر مختلف قانون ساز مجالس کے لئے منتخب ہونے والوں کا اجلاس اپریل 1946ء میں دہلی میں منعقد ہوا جس میں یہ اہم مطالبات پیش کیے گئے۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

مطالبہ پاکستان:

اجلاس میں قائداعظم نے پاکستان کا مطالبہ کیا اور اس پر بھرپور تقریر کی۔

آزادی ریاست:

اجلاس میں بنگال سے حسین شہید سہروردی نے قرارداد کی شکل میں ایک آزاد اور خود مختار ریاست پاکستان کا مطالبہ کیا جو کہ شمال مغرب میں پنجاب، صوبہ سرحد، بلوچستان اور سندھ اور شمال مشرق میں آسام اور بنگال پر مشتمل ہوگا۔

الگ الگ آئین ساز اسمبلیاں:

اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ مسلم ہندوستان اور ہندو ہندوستان کے لئے الگ الگ آئین ساز اسمبلیوں کی تشکیل کی جائے جو دونوں ملکوں کے لئے آئین مرتب کریں۔

سوال 7: 1946-47ء میں عبوری حکومت کی تشکیل کس طرح کی گئی؟

جواب: وائسرائے نے وزارتی مشن سے مشورہ کرنے کے بعد عبوری حکومت کی تشکیل کچھ اس طرح کر دی۔ عبوری حکومت کی تشکیل میں کانگریس کے چھ، مسلم لیگ کے پانچ اور اقلیتوں کے تین نمائندوں کو وزارتیں دی جائیں گے۔ دونوں بڑی پارٹیوں کانگریس اور مسلم لیگ دونوں کو یکساں اہم محکمے دیئے جائیں گے اور ایک پارٹی کو دوسری پارٹی کے نامزد کردہ اُمیدواروں پر اعتراض کا حق نہیں ہوگا۔

سوال 8: کانگریس کو یہ احساس کیوں ہوا کہ انہوں نے خزانہ کی وزارت مسلم لیگ کو دے کر غلطی کی ہے؟

جواب: کانگریس کو یہ احساس اس لئے ہوا کہ انہوں نے مالیات کا شعبہ مسلم لیگ کو دیکر غلطی کی ہے جس کے کچھ وجوہات تھے۔

(۱) اس کی پہلی وجہ یہ تھی کہ کانگریس کے تمام وزارتیں اور وزیر وزارت مالیات کے رحم و کرم پر تھے۔

(۲) دوسری وجہ یہ تھی کہ متحدہ ہندوستان کے وزیر مالیات خان لیاقت علی خان نے متحدہ ہندوستان کا آخری بجٹ ایسا بنایا جس میں غربت کے خاتمے کے لئے اقدامات اور ان اخراجات کے

پیدا کرنے کے لئے کارخانہ داروں پر ٹیکس لگایا گیا جبکہ اکثر کارخانے ہندوؤں کے تھے۔

(۳) اس کے علاوہ وزیر مالیات نے ٹیکس چوری کرنے والوں کے محاسبہ کے لئے ایک تحقیقاتی کمیشن بھی تجویز کیا جو کہ کانگریس کے حمایتی کارخانہ داروں کے منہ پر ایک طمانچہ تھا۔

سوال 9: قائداعظم کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" کا خطاب کیوں دیا گیا؟

جواب: قائداعظم نے اپنی عملی سیاست کا آغاز 1906ء میں کانگریس میں شامل ہونے سے کیا۔ لیکن 1913ء میں جب مسلم لیگ نے اپنے مقاصد میں تبدیلی کی تو آپ نے مسلم لیگ میں بھی شمولیت اختیار کی اور دونوں جماعتوں کو قریب سے قریب تر لانے کی کوششوں میں مصروف ہو گئے۔ آپ کے کوششوں کی وجہ سے 1916ء میں لکھنؤ کے مقام پر دونوں پارٹیوں میں ایک متفقہ معاہدہ میثاق لکھنؤ ہوا۔ ہندو اور مسلمانوں کو قریب لانے کے انہیں کوششوں کی وجہ سے آپ کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" کا خطاب دیا گیا۔

سوال 10: قائداعظم نے کن طریقوں سے تحریک پاکستان کے بہترین رہنما کا کردار نبھایا؟

جواب: قائداعظم نے مختلف طریقوں سے تحریک پاکستان کے بہترین رہنما کا کردار نبھایا۔

قانونی طریقہ:

قائداعظم نے پوری زندگی قانون میں رہتے ہوئے تحریک آزادی پاکستان کی جنگ لڑی اور کبھی بھی کانگریس میں نام نہاد عظیم رہنماؤں کی طرح جیل نہیں گئے۔ آپ نے نہرو رپورٹ کے مقابلے میں ایک بہترین قانون دان کا ثبوت دیتے ہوئے چودہ نکات پیش کئے۔

- **طریقہ نظم و ضبط:**

آپ نے تحریک پاکستان کے بہترین رہنما کا کردار اسی طرح نبھایا کہ آپ نے نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ مسلمانوں کے سیاسی جدوجہد کو نہ صرف منظم کیا اور تمام مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکھٹا کیا بلکہ ان کو اپنی منزل پاکستان تک پہنچایا۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

تدبر اور مستقل مزاجی:

ہر تحریک کے کامیابی کے لئے ایک مدبر اور مستقل مزاج رہنما کی ضرورت ہوتی ہے۔ قائداعظم تحریک آزادی پاکستان کے ہر موڑ پر مسلمانوں کی رہنمائی نہایت تدبر اور مستقل مزاجی سے کرتے رہے۔

دلیل:

قائداعظم نے تحریک پاکستان کے دوران ہمیشہ تشدد کے خلاف دلیل کے ہتھیار کے ساتھ انگریزوں، کانگرسی اور غیر مسلم لیگی رہنماؤں کا مقابلہ کیا۔ آپ کا طریقہ دلیل سارے ہتھیاروں سے بہتر ہتھیار ثابت ہوئی۔

تفصیلی سوالات

سوال 1: قراردادلاہور کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔تحریک پاکستان میں اس کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: قراردادِ لاہور:

مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس: 23مارچ1940ءکواقبال پارک لاہور میں مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس قائداعظم محمد علی جناح کی صدارت میں ہوا۔یہ مسلم لیگ کا27واں اجلاس تھا۔اجلاس کے دوسرے دن یہ قرارداد بنگال کے وزیراعلیٰ مولوی فضل الحق نے پیش کی۔

قرارداد کی حمایت: اس قرارداد کی تائید قاضی محمد عیسیٰ، چوہدری خلیق الزمان، بیگم محمد علی جوہر، آئی آئی چندریگر، مولانا ظفر علی خان، محمد اسماعیل خان، عبداللہ ہارون، سردار اورنگزیب، ڈاکٹر محمد عالم اور مولانا عبدالحامد بدایونی نے کی۔

تاریخ قرارداد: یہ قرارداد 24مارچ کو پاس کی گئی۔

قرارداد میں مسلمانوں کے مطالبات: اس قرارداد میں مسلمانوں کے مطالبات کو ان الفاظ میں پیش کیا گیا۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

"اس ملک میں کوئی آئینی منصوبہ قابل عمل اور مسلمانوں کے لئے قابل قبول نہیں ہوگا۔ جو مندرجہ ذیل بنیادی اصول پر مبنی نہ ہو یعنی یہ کہ جغرافیائی اعتبار سے متصلہ وحدتوں میں ضروری ردوبدل کر کے انہیں ایسے بنادیا جائے کہ وہ علاقے جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے جیسا کہ ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی حصے میں ہے۔ یکجا ہو کر یہی آزاد مملکتیں بن جائیں جن کی آئینی وحدتیں بااختیار اور خودمختار ہوں"۔

قرارداد لاھور سے قرارداد پاکستان تک: قرارداد پاس ہونے پر ہندو اخبارات نے اس کو قراردادِ پاکستان کا نام دیا۔ قائداعظم اور مسلم لیگ نے اسی نام کو اختیار کیا۔

تحریک پاکستان میں اس کی اھمیت: قراردادِلاہور/پاکستان تحریک پاکستان میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کی اہمیت درج ذیل حوالوں سے کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔

نئے دَور کا آغاز: اس قرارداد کے منظور ہونے کے بعد تحریک پاکستان ایک نئے دَور میں داخل ہوگئی اور ملک بھر میں مسلم لیگ کے اجلاس منعقد ہوئے جس میں مسلمانوں کے لئے جداوطن کا مطالبہ کیا گیا۔

اھمیت بحوالہ آزادی: قراردادِ پاکستان/لاہور کی نہ صرف جنوبی ایشیاء میں بلکہ دنیا کی تاریخ میں بڑا مقام ہے۔ دنیا کی تاریخ میں یہ پہلی قرارداد ہے جس نے غلام قوم کو آزادی کی نعمت سے نوازا۔

اتحاد و قربانی: قراردادِلاہور نے تحریک پاکستان میں بے مثال اتحاد اور قربانی کے جذبہ کی نئی روح پھونک دی اور مسلمانوں میں اتحاد اور قربانی کا جذبہ تحریک پاکستان کو کامیابی سے ہمکنار کر گیا۔

حصولِ منزل: قراردادِلاہور کے بعد تحریک پاکستان کو منزل مل گیا اور اب اس قرارداد کی منظوری کے بعد قائداعظم کے ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان کے منزل کے حصول کے لئے زبردست جدوجہد شروع ہوئی۔ جو سات سال کے مختصر عرصے میں 14 اگست 1947ء کو پاکستان کے قیام کی شکل میں منزل کا حصول ممکن کر گیا۔

ہم ہر سال 23 مارچ اسی تاریخی قرارداد کی نسبت سے یوم پاکستان کے طور پر مناتے ہیں۔
قیام پاکستان کو کسی بھی شک وشبے سے بالاتر ہو کر بیسویں صدی کا ایک معجزہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

سوال 2: سی۔آر داس فارمولا اور گاندھی جناح مذاکرات کو تفصیل سے بیان کریں؟

جواب: سی ۔ آر داس فارمولا:

پس منظر: جنگ عظیم دوم کے دوران کانگریس نے انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے اور کانگریس کو اقتدار حوالہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی اور اس حوالے سے مسلم لیگ کو اعتماد میں نہیں لیا لیکن انگریزوں کو بھی کانگریس کے چال معلوم ہو چکے تھے اور دوسری جانب مسلم لیگ قائداعظم کی سرکردگی میں منظم ہو رہی تھی اور وہ انگریزوں پر واضح کر چکے تھے کہ ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کے جذبات اور احساسات کو نظر انداز کرنا خطرے کا باعث ہوگا۔ یہ حالات مسلم لیگ اور کانگریس کے جدا جدا راستوں کو واضح کر رہے تھے۔

سی ۔آر داس فارمولا:

چکرورتی راج گوپال اچاریہ مدراس سے کانگریس کے بڑے رہنما تھے۔ انہوں نے مسلم لیگ اور کانگریس کو قریب لانے کی کوشش کی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ کانگریس حکومت برطانیہ سے اُس وقت تک کوئی معاہدہ نہیں کر سکتی جب تک اُسے مسلم لیگ کا تعاون حاصل نہ ہوں اور اسی طرح حکومت برطانیہ بھی کانگریس کی ایسی کوئی بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوگی جب تک مسلم لیگ مخالفت کر رہی ہوں۔سی۔آر داس یعنی راج گوپال آچاریہ نے مدراس اسمبلی سے قرارداد منظور کرائی جس میں کانگریس سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ مناسب ردوبدل کے ساتھ پاکستان کے مطالبے کو منظور کریں اور مسلم لیگ کے ساتھ مرکزی حکومت کے بارے میں گفت وشنید کریں۔

سی۔ آر داس فارمولے کے اہم نکات:

سی۔آر داس فارمولے کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

توثیق آزادی و تعاون کانگریس: مسلم لیگ ہندوستان کے مطالبہ آزادی کی توثیق

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

کرے گی اور عبوری دور میں ایک عارضی حکومت کے قیام کے سلسلے میں کانگریس سے تعاون کریں گے۔

قیام کمیشن: جنگ کے بعد ایک کمیشن قائم ہوگا جو ہندوستان کے شمال مغرب اور شمال مشرق میں مسلمان اکثریت کے اضلاع کا تعین کریں جہاں استصواب رائے سے ہندوستان سے آزادی کا فیصلہ ہوگا۔

باہمی معاہدہ: علیحدگی کی صورت میں دفاع، تجارت، مواصلات اور دیگر ضروری اُمور کے بارے میں باہمی معاہدہ ہوگا۔

شدید مخالفت: کانگریس نے ان تجاویز کی سخت مخالفت کر کے اس کو مسترد کر دیا۔ سی۔ آر داس نے کانگریس کے ذاتی حملوں کی وجہ سے کانگریس اور اسمبلی سے استعفیٰ دیا۔

گاندھی جناح مذاکرات: قائداعظم نے سی۔ آر داس فارمولے کی روشنی میں 1944ء میں گاندھی سے مذاکرات کئے۔

تاریخ مذاکرات: یہ مذاکرات 9 ستمبر تا 13 ستمبر 1944ء کو بمبئی میں قائداعظم کے رہائش گاہ پر جاری رہے۔

طریقہ مذاکرات: یہ مذاکرات بالمشافہ ملاقاتوں کے علاوہ خط و کتابت کے ذریعے ہو رہے تھے۔ اس کے باوجود ان مذاکرات اور خط و کتابت میں کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔

سبب ناکامی: مذاکرات کی ناکامی کا بنیادی سبب گاندھی کا اس بات پر اصرار تھا کہ پہلے انگریزوں کو ہندوستان سے نکالا جائے۔ اس کے بعد مسلمان اور ہندو آپس میں مل کر معاملات طے کریں گے۔

جبکہ قائداعظم کا موقف تھا کہ اگر ہم پہلے اپنے معاملات طے کر لیں تو پھر حکومت برطانیہ خود بخود ہندوستان سے نکل جائے گی۔ دونوں رہنماؤں گاندھی اور قائداعظم کے جدا جدا نظریات اور خیالات کی وجہ سے مذاکرات ناکام ہو گئے لیکن اس کی اہمیت یہ ہے کہ مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے قائداعظم نے پہلی بار گاندھی سے تقسیم ہند پر مذاکرات کئے اور مذاکرات کے نتیجے میں قائداعظم نے پاکستان کے بارے میں بہت سے شکوک و شبہات کو دور کر دیا۔

سوال 3: کابینہ مشن پلان کیا ہے؟اس کے اغراض ومقاصد بیان کریں؟

جواب: کابینہ مشن پلان:

برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں کے جدوجہد آزادی میں کابینہ مشن پلان بہت اہم موڑ ہے۔

پس منظر: جنگ عظیم دوم کے خاتمے پر برطانوی حکومت نے ہندوستان میں جداگانہ طرز پر انتخابات کرائیں اور ہندوستان کے مسئلہ پر کرپس مشن ناکام ہوگئی تھی جس کے بعد کابینہ کے تین وزیروں پر مشتمل مشن ہندوستان کے مسئلہ کے حل کے لئے روانہ کیا جس کو کابینہ مشن پلان کہا جاتا ہے۔

ارکان: کابینہ مشن کے تین ارکان کے نام سر سٹیفورڈ کرپس، اے۔ وی الیگزینڈر اور سر پیتھک لارنس تھے۔

آمد: کابینہ مشن کے ارکان 24 مارچ 1946ء کو دہلی پہنچے۔

باہم ملاقاتیں: مشن نے پہنچنے کے بعد وائسرائے لارڈ ویول، صوبوں کے گورنروں، انتظامی کونسل کے اراکین، مسلم لیگ اور کانگریس کے مختلف رہنماؤں سے ملاقاتیں کیے۔ ان ملاقاتوں کے دوران کانگریس نے آزاد اور متحدہ ہندوستان جبکہ مسلم لیگ نے تقسیم ہندوستان اور پاکستان کا مطالبہ کیا۔

مشن کے اغراض و مقاصد:

کابینہ مشن کے اہم اغراض ومقاصد درج ذیل ہیں:

پُرامن سیاسی حل: کابینہ مشن کے اغراض ومقاصد میں سے یہ سب سے اہم تھا کہ وہ ہندوستان کے پیچیدہ اور مشکل مسئلے کا کوئی پُرامن سیاسی حل تلاش کریں کیونکہ کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان سیاسی حل کی راہ میں زمین وآسمان کا فرق تھا۔

فرقہ وارانہ کشیدگی کا خاتمہ: ہندوؤں اور مسلمانوں کے علاوہ دونوں طرف میں موجود انتہا پسند تنظیمیں فرقہ وارانہ فسادات کر رہی تھی جس کی وجہ سے کافی قتل وغارت گری ہوچکی تھی اور مزید کا اندیشہ تھا اس لئے کابینہ مشن پلان فرقہ وارانہ کشیدگی کا خاتمہ چاہتی تھی۔

انتظامی مسائل کا حل: کانگریس اور مسلم لیگ کے مخالفانہ رویوں کی وجہ سے

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

ہندوستان میں انتظامی مسائل پیدا ہو رہے تھے۔ جس کی وجہ سے امن وامان کا مسئلہ نہ صرف پیدا ہوا بلکہ مزید سنگین ہو گیا تھا اور انتظامی اُمور تو تاج برطانیہ کے نمائندوں کے ہاتھوں میں تھی اس لئے برطانوی حکومت کابینہ مشن پلان کے ذریعے ہندوستان کے انتظامی مسائل کو حل کرنا چاہتے تھے۔

کابینہ مشن کی اہم تجاویز:

صوبوں کی گروپ بندی: صوبوں کے تین گروپ اے، بی اور سی بنائے گئے۔

گروپ اے میں یو پی، بمبئی، مدراس، بہار، سی پی اور اڑیسہ۔ گروپ بی میں پنجاب، سندھ اور سرحد اور گروپ سی میں آسام اور بنگال کے صوبے شامل کئے گئے۔

نظام حکومت: نظام حکومت وفاقی ہوگا اور مرکزی انتظامیہ کے ساتھ دفاع، مالیات اور مواصلات کے محکمے ہوں گے۔

مرکز سے علیحدگی: صوبوں کو دس سال بعد مرکز سے آزادی کی اختیارات دیئے گئے۔

قائداعظم نے کابینہ مشن پلان کو کچھ تحفظات کے اظہار کے بعد منظور کر لیا جبکہ کانگریس اور جواہر لال نہرو نے وزارتی مشن کے تمام منصوبوں کو رد کر دیا کیونکہ اس میں کانگریس کو مسلمانوں کا مفاد نظر آ رہا تھا۔

سوال 4: 3 جون کا منصوبہ کیا ہے؟ اس کے تحت تقسیم ہندوستان اور پاکستان کا قیام کیسے ہوا؟

جواب: 3 جون کا منصوبہ:

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ہندوستان کے آخری وائسرائے کی حیثیت سے ہندوستان کے مسلم لیگ اور کانگریسی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کے نتیجے میں برصغیر کے تقسیم کا جو منصوبہ تیار کیا جسے حکومت برطانیہ نے منظوری دی اور جس کا اعلان 3 جون 1947ء کو کیا گیا۔ 3 جون کا منصوبہ کہلاتا ہے۔

منصوبے ک تحت تقسیم ہندوستان اور قیام پاکستان:

اس منصوبے میں اہم نکات تھے جس کی روشنی میں تقسیم ہندوستان اور قیام پاکستان ممکن ہوا۔ جو درج ذیل ہیں۔

موجودہ دستور ساز اسمبلی: 3 جون کے منصوبے کے تحت موجودہ دستور ساز

اسمبلی اپنا کام جاری رکھے گی لیکن اس دستور کو ملک کے صرف اُن صوبوں میں نافذ کیا جائے گا جس کے عوام اِسے قبول کرنے پر رضا مند ہوں گے۔

پنجاب اور بنگال: پنجاب اور بنگال کی صوبائی اسمبلیوں کے مسلم اکثریتی علاقوں اور غیر مسلم اکثریتی علاقوں کے ممبران کے اجلاس ہوں گے جس میں اگر کسی ایک گروہ نے صوبے کی تقسیم کے حق میں رائے دی تو صوبے کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

حد بندی کمیشن: صوبوں کی تقسیم کی صورت میں ایک حد بندی کمیشن مقرر کیا جائے گا جو تقسیم کا کام سرانجام دے گا۔

صوبہ سندھ: صوبہ سندھ کی قانون ساز اسمبلی اکثریت سے فیصلہ کرے گی کہ وہ پاکستان یا ہندوستان میں کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتا ہے۔

صوبہ سرحد: صوبہ سرحد کے مستقبل کا فیصلہ وہاں کی رائے دہندگان ایک ریفرنڈم کی صورت میں کریں گے۔

بلوچستان و دیسی ریاستیں: بلوچستان اور اس کے دیسی ریاستوں کا فیصلہ وہاں کا مقامی جرگہ اور کوئٹہ کے میونسپل کمیٹی کے ارکان کریں گے کہ وہ پاکستان یا ہندوستان کے ساتھ شامل ہونا چاہتے ہیں۔

ضلع سلہٹ: آسام کے ضلع سلہٹ کا فیصلہ بھی ریفرنڈم کے ذریعے کیا جائے گا کہ وہ پاکستان اور ہندوستان میں کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتا ہے۔

آزادی کا مسودہ قانون: اس کی رُو سے حکومت برطانیہ نے اعلان کیا کہ حکومت برطانیہ جون 1947ء سے پہلے اقتدار یہاں کی ریاستوں کے سپرد کرنے کے لئے تیار ہے جس کے لئے پارلیمنٹ میں مسودہ قانون پیش کیا جائے گا اور منظوری کے بعد ایک یا دو ریاستوں کو نو آبادیات کا درجہ دیکر آزادی دی جائے گی۔

مسلم لیگ و کانگریس کا ردّ عمل: ماؤنٹ بیٹن کے 3 جون 1947ء کے

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

3 اعلان شدہ منصوبے کو مسلم لیگ نے 9 جون کو اور آل انڈیا کانگریس نے 14 جون کو قبول کرنے کا فیصلہ کیا۔ کانگریس نے سخت مجبوری کی حالت میں اس اُمید پر یہ فیصلہ کیا کہ دونوں ممالک جلد دوبارہ اکٹھے ہو جائیں گے۔

سوال 5: برصغیر پاک و ہند میں برطانوی استعمار اور اس کی مقاصد اور پالیسیاں بیان کریں؟

جواب: برطانوی استعمار:

یورپ میں جب سولہویں صدی کے دوران صنعتی انقلاب آیا تو لوگوں کی زندگیوں میں بے پناہ تبدیلیاں آئیں۔ صنعت کاروں نے یورپ سے باہر مارکیٹ تلاش کرنے کے لئے ہندوستان کا رُخ کیا۔ مغل بادشاہ جہانگیر کے دَور میں سر تھامس رو نے بادشاہ سے بنگال میں تجارتی مراعات حاصل کیں۔ اپنی تجارتی سرگرمیوں کے لئے ایسٹ انڈیا کے نام سے کمپنی قائم کی لیکن ہندوستانیوں کی باہم نااتفاقی، قابل حکمرانوں کی عدم موجودگی اور امن و امان کے بگڑتی صورت حال کی وجہ سے انگریزوں نے پاؤں جمائے اور سارے ہندوستان پر راج کے خواب کو حقیقت دینے لگے۔ 1758ء میں بنگال کے سراج الدولہ اور 1799ء میں میسور کے حیدر علی اور ٹیپو سلطان کے شکست کے بعد انگریز 1830ء کو دہلی پہنچ گئے اور 1857ء کے جنگ آزادی میں شکست کے بعد اقتدار مسلمانوں سے مکمل طور پر انگریزوں کے ہاتھ میں چلا گیا۔

مقاصد اور پالیسیاں:

انگریزوں نے اپنے راج کو ٹھوس بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے کچھ مقاصد اور پالیسیاں بنائیں جو کہ درج ذیل ہیں:

انتظامی مقاصد اور پالیسیاں:

انگریزوں نے ہندوستان کو اپنے قابو میں رکھنے کے لئے مؤثر انتظامی مشنری تشکیل دے دی کیونکہ اُن کے آنے سے ہندوستان کے لوگوں کے علوم و فنون، رسوم و رواج، ثقافت اور طرزِ فکر متاثر ہوا تھا۔ اس مقصد کے لئے انگریزوں نے ہندوستان کے محدود اشرافیہ کو اپنے ساتھ ملا کر اپنی حکومت کو

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

مضبوط بنانے کا بندوبست کیا۔ اپنی انتظامی گرفت کو مزید مضبوط کرنے کے لئے انہوں نے ہندوستان کو چھوٹے چھوٹے صوبوں اور ضلعوں میں تقسیم کرنے کی پالیسی کو اپنایا اور پھر ان چھوٹے انتظامی یونٹوں کو مؤثر انتظامیہ کی فراہمی کے علاوہ متعلقہ علاقوں کے خان یا زمینداروں کے اعتماد کو حاصل کیا۔

طبقاتی نظام:

انگریزی سامراجیت کی ایک خصوصیت اِن کے پیدا کردہ نسلی امتیازات ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے انہوں نے ہندوستان کو حاکم اور محکوم میں تقسیم کیا۔ انگریز ہندوستانی معاشرے میں رہتے ہوئے کبھی بھی ہندوستانی معاشرے کا حصہ نہیں رہے۔ اس طبقاتی پالیسی نے ہندوستان کی تعلیم، معیشت، سیاست اور معاشرے پر بُرے اثرات مرتب کئے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آزادی کے بعد بھی ہمارے معاشرے میں انگریزوں کے طبقاتی نظام کے اثرات باقی ہیں۔ یہ حاکم اور محکوم کی پالیسی تو انہوں نے حکومت کو طول دینے اور مضبوط کرنے کی غرض سے بنائی تھی۔

تعلیمی نظام:

انگریزوں نے ہندوستان میں جدید علوم کے ترویج کے لئے تعلیمی اداروں کے علاوہ مدراس، کلکتہ اور بمبئی میں یونیورسٹیاں اِس غرض سے قائم کئے کہ انگریزوں کو اپنا انتظام حکومت چلانے کے لئے ایسے لوگ مہیا ہو جائیں جو اُن کے ہندوستان پر حکومت کو طول دینے کا ذریعہ بنے۔ بڑے طبقے کے لئے اعلیٰ تعلیم، دوسرے اور تیسرے طبقے کے لئے دوسری قسم کی تعلیم اور چوتھے طبقے کے لئے صرف مدرسوں کی تعلیم تھی۔ اس سے صرف ہندوستان کے طبقاتی تقسیم کو مزید مضبوط کرنا تھا تاکہ انگریزوں کو اُن پر حکومت کرنے میں آسانی ہو۔

معاشی نظام:

انگریزی سامراج سے پہلے ہندوستان خوراک میں خودکفیل ہونے کے علاوہ خوراکی اشیاء کے برآمد کے علاوہ بہت سے دوسری چیزیں بھی برآمد کرتے تھے لیکن انگریزوں نے ایسے ٹیکس لگائیں جس سے ہندوستان خوراک درآمد کرنے والا ملک بن گیا۔ ہندوستان سے خام مال برآمد اور انگریزی

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

مصنوعات کو درآمد کرنے کی پالیسی اپنائی گئی۔ جاگیردارانہ نظام کو مزید مضبوط کیا گیا اور نتیجتاً صنعتی ترقی نہ ہونے کے برابر تھی۔

سیاسی نظام:

انگریزوں نے اپنے حکومت کو مضبوط کرنے اور طول دینے کے لئے ایسی سیاسی پالیسیاں اپنائیں جیسے حکومت کے معاملات میں عوام کو شرکت کا کوئی بھی موقع نہیں دیا گیا اور خاص لوگوں کو اقتدار کے ایوانوں پر چھائے رہنے دیا تاکہ عوام میں سیاسی بیداری پیدا نہ ہوں اور وہ آزادی یا انگریز استعمار سے نجات کی کوشش نہ کریں۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

باب 3

ارضِ پاکستان

مشقی سوالات

سوال 1: مندرجہ ذیل جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) پاکستان جنوبی ایشیاء کے کس حصے میں واقع ہے؟

(الف) جنوب مغربی (ب) جنوب مشرقی

(ج) شمال مغربی (د) شمال مشرقی

(۲) پاکستان کا کل رقبہ کتنا ہے؟

(الف) 5967210 مربع کلومیٹر (ب) 796096 مربع کلومیٹر

(ج) 896096 مربع کلومیٹر (د) 997512 مربع کلومیٹر

(۳) پاکستان کے جنوب میں کیا ہے؟

(الف) چین (ب) بھارت (ج) بحرِ ہند (د) بحیرۂ عرب

(۴) پاکستان کے شمال میں واہ خان کی پٹی اسے کس ملک سے جدا کرتی ہے؟

(الف) ازبکستان (ب) تاجکستان (ج) ترکمانستان (د) بحیرۂ عرب

(۵) پاکستان کی شمالاً جنوباً لمبائی قریباً کتنی ہے؟

(الف) 1400 کلومیٹر (ب) 1500 کلومیٹر

(ج) 1600 کلومیٹر (د) 1700 کلومیٹر

(۶) نانگا پربت کی چوٹی کس پہاڑی سلسلے میں ہے؟

(الف) شوالک (ب) کوہ قراقرم (ج) کوہ ہندوکش (د) کوہ ہمالیہ

(۷) کے۔ٹو (K-2) کی بلندی کتنی ہے؟

(الف)8126میٹر (ب)8224میٹر (ج)8611میٹر (د)9611میٹر

(۸) کون سا تاریخی درہ کوہِ ہندوکش کے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے؟

(الف)درہ بولان (ب)درہ خیبر (ج)درہ ٹوچی (د)درہ گومل

(۹) جھیل ہامون مشخیل کہاں واقع ہے؟

(الف) کوہ ہندوکش (ب) کوہ سلیمان

(ج) سطح مرتفع پوٹھوہار (د) سطح مرتفع بلوچستان

(۱۰) پاکستان دنیا کے کس خطے میں واقع ہے؟

(الف) حاری (ب)نیم حاری (ج)بحری (د)نیم بحری

(۱۱) سیاچن گلیشیرز کی لمبائی کتنی ہے؟

الف)58 کلومیٹر (ب)68 کلومیٹر (ج)72 کلومیٹر (د)78 کلومیٹر

(۱۲) دریائے سندھ کا میدان کتنے رقبے پر پھیلا ہوا ہے؟

(الف)60000مربع میل (ب)70000مربع میل

(ج)80000مربع میل (د)90000مربع میل

(۱۳) چھانگا مانگا کا جنگل کس شہر کے قریب واقع ہے؟

(الف) کراچی (ب)اسلام آباد (ج)پشاور (د)لاہور

(۱۴) پاکستان میں پرندوں کی کتنی اقسام پائی جاتی ہیں؟

(الف)350 (ب)450 (ج)550 (د)660

(۱۵) پاکستان کا کون سا خطہ زیادہ گنجان آباد ہے؟

(الف)میدانی خطہ (ب)صحرائی خطہ

(ج) ساحلی خطہ (د) خشک اور نیم خشک پہاڑی خطہ

(۱۶) زیرِ زمین پانی جب اونچا ہو کر زمین کی سطح تک آجاتا ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

(الف)میدان (ب)دلدل (ج)تھور (د)سیم

(۱۷) نہروں کے ذریعے کس صحرا کا ایک بڑا رقبہ قابل کاشت بنایا گیا ہے؟

(الف)تھل (ب)چولستان (ج)تھرپارکر (د)تھر

(۱۸) کیسے علاقے میں ہوائی آلودگی زیادہ ہوتی ہے؟

(الف)دیہی (ب)مضافاتی (ج)ساحلی (د)صنعتی

جوابات

۱۔ (ج)شمالی مغربی	۲۔ (ب)796096مربع کلومیٹر	۳۔ (د)بحیرہ عرب
۴۔ (ب)تاجکستان	۵۔ (ج) 1600 کلومیٹر	۶۔ (د)کوہ ہمالیہ
۷۔ (ج) 8611میٹر	۸۔ (ب)درہ خیبر	۹۔ (د) سطح مرتفع بلوچستان
۱۰۔ (ب)نیم حاری	۱۱۔ (د)78 کلومیٹر	۱۲۔ (ب)70000مربع میل
۱۳۔ (د)لاہور	۱۴۔ (د)660	۱۵۔ (الف)میدانی خطہ
۱۶۔ (د)سیم	۱۷۔ (الف)تھل	۱۸۔ (د)صنعتی

مختصر سوالات

سوال 1: پاکستان کا محل وقوع اور اس کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: پاکستان کا محل وقوع:

پاکستان جنوبی ایشیاء کے شمال مغربی حصے میں تقریباً 24° تا 37° عرض بلد شمال اور 61° تا 76° طول بلد مشرقی کے درمیان پھیلا ہوا ہے اور کل رقبہ 796096 مربع کلومیٹر ہے۔

محل وقوع کی اہمیت

حساس خطہ: پاکستان جغرافیائی اور سیاسی لحاظ سے حساس خطے میں واقع ہے۔

تجارتی اہمیت: پاکستان افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے لئے اہم تجارتی راستے کا کام کرتا ہے۔ چین کے ساتھ شاہراہ قراقرم کے ذریعے تجارت ہوتی رہتی ہے۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

قلب اسلام: پاکستان دنیائے اسلام کے قلب میں واقع ہے جو مغرب میں مراکش سے لیکر مشرق میں انڈونیشیاء تک پھیلی ہوئی ہے۔

قرب وسطی ایشیاء: پاکستان قدرتی وسائل خصوصاً تیل سے مالا مال وسطی ایشیاء اور مشرق وسطی کے قرب میں واقع ہے۔

حسین وادیاں: گلیات، مری، سوات وکاغان اور کشمیر کے خوبصورت وادیاں اس کے محل وقوع کو اور اہمیت دینے کا ذریعہ ہے۔

قدیم تہذیبیں: پاکستان میں واقع وادی سندھ اور گندھارا کی قدیم تہذیبیں ساری دنیا کے سیاحوں کے لئے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔

سوال 2: پاکستان کا حدودِ اربعہ کیا ہے؟

جواب: پاکستان کا حدودِ اربعہ درج ذیل ہے۔

مشرق: پاکستان کے مشرق میں بھارت واقع ہے۔ بھارت کے ساتھ سرحد کی لمبائی 1610 کلومیٹر ہے۔

مغرب: پاکستان کے مغرب میں ایران واقع ہے۔جس کے ساتھ سرحد کی لمبائی 832 کلومیٹر ہے۔

شمال مغرب: پاکستان کے شمال مغرب میں اسلامی ملک افغانستان واقع ہے۔پاک افغان سرحد کو ڈیورنڈ لائن کہتے ہیں۔ یہ سرحد 1893ء میں متعین کی گئی تھی۔اس کی لمبائی 2250 کلومیٹر ہے۔شمال میں افغانستان کی ایک تنگ پٹی واخان پاکستان کو تاجکستان سے جدا کرتی ہے۔

شمال مشرق: پاکستان کے شمال مشرق میں چین جیسا دوست ملک واقع ہے۔چین کے ساتھ سرحد کی لمبائی 585 کلومیٹر ہے۔

جنوب: پاکستان کے جنوب میں بحیرۂ عرب واقع ہے اور اس ساحلی پٹی کی لمبائی 1046 کلومیٹر ہے۔

سوال 3: درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں؟

(۱) سطوح مرتفع (۲) میدانی علاقے

(۳) ریگستانی علاقے (۴) ساحلی علاقے

جواب:(۱) سطوح مرتفع:

پاکستان میں دو مشہور سطوح مرتفع ہیں۔

(i) سطح مرتفع پوٹھوھار: یہ اسلام آباد کے جنوب میں دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان واقع ہے۔ اس کی بلندی 300 سے 600 میٹر تک ہے۔ دریائے سوان اس کا اہم دریا ہے۔ یہ معدنیات سے مالا مال ہے۔ جس میں اہم ترین نمک، جپسم، چونے کا پتھر، کوئلہ اور معدنی تیل ہے۔

اس کے جنوب میں کوہستان نمک کا سلسلہ ضلع جہلم، چکوال، کالاباغ اور میانوالی میں واقع ہے۔ کھیوڑا کی نمک کی مشہور کان اس میں واقع ہے۔ کوہستان نمک کی اوسط بلندی 750 سے 900 میٹر تک ہے۔ اس کی اہم ترین چوٹی سکیسر کی بلندی 1527 میٹر ہے۔

(ii) سطح مرتفع بلوچستان: یہ پاکستان کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔ اس کی اوسط بلندی 600 سے 3010 میٹر تک ہے۔ یہ وسیع علاقہ 34,190 مربع کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ راس کوہ اور چاغی کے پہاڑ اس سطح مرتفع کے شمال میں واقع ہیں۔ اس کے علاوہ ژوب اور کوئٹہ کے علاقے بھی اس میں واقع ہیں۔ نمکین پانی کی مشہور جھیل ہامون مشخیل یہاں پر واقع ہے۔

(۲) میدانی علاقے:

میدانی علاقوں میں دریائے سندھ کا میدان 70,000 مربع کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ دنیا کے زرخیز ترین میدانوں میں سے ہیں۔ دریائے سندھ اور اس کے معاون دریاؤں کے زرخیز مٹی سے یہ میدان بنا ہوا ہے جو کہ ہمالیہ اور قراقرم کے پہاڑی سلسلوں سے نکلے ہوئے ہیں۔ اس کے دو حصے ہیں۔

دریائے سندھ کا بالائی میدان: دریائے سندھ، چناب، جہلم، راوی اور ستلج پر مشتمل دریائے سندھ کا بالائی میدان صوبہ پنجاب پر مشتمل ہے۔ یہ شمال میں اٹک سے جنوب میں مٹھن کوٹ تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کی ڈھلوان شمال مغرب سے جنوب کی طرف ہے۔ یہ سطح سمندر سے 400 فٹ تا 1200 فٹ بلند ہے جس کو دریائے سندھ اور معاون دریاؤں نے دوآبوں اور سیلابی میدانوں میں تقسیم کر دیا ہے۔

دریائے سندھ کا زیریں میدان: یہ صوبہ سندھ پر مشتمل ہے جو ٹھٹھ کوٹ سے سمندر تک پھیلا ہوا ہے۔شمال میں اس کی بلندی 400 فٹ ہے جبکہ جنوب میں یہ 20 فٹ تک ہے۔اس میں ڈھلوان بہت کم ہے جس کی وجہ سے دریائے سندھ نہایت کم رفتار سے بہتا رہتا ہے۔آخر میں دریائے سندھ ایک ڈیلٹا بنا کر سمندر میں گرتا ہے۔یہاں پر دریائے سندھ کئی شاخوں میں تقسیم ہوتا ہے۔اس میدان میں رن کچھ کا علاقہ شامل ہے۔

(۳) ریگستانی علاقے:

پاکستان کے وہ علاقے جہاں ریت اور ریت کے ٹیلے ہوتے ہیں جہاں پر بارشوں کی انتہائی کمی ہوتی ہے۔ان بے آب و گیاہ علاقوں کو ریگستان کہا جاتا ہے۔پاکستان کے مشہور ریگستانی علاقے تھل کا ریگستانی علاقہ، چولستان کا ریگستانی علاقہ، نارا اور تھر پارکر کا ریگستانی علاقہ اور چاغی اور خاران کے ریگستانی علاقے ہیں۔یہاں پر صحرائی نباتات پائے جاتے ہیں۔یہ غیر آباد ہیں اور بنجر ہونے کی وجہ سے آبادی نہ ہونے کے برابر ہے۔لوگ خانہ بدوش ہیں اور بھیڑ بکریاں پالے جاتے ہیں۔

(٤) ساحلی علاقے:

پاکستان کے جنوب میں بحیرۂ عرب ہے۔اس کے کنارے کا سارا علاقہ ساحلی علاقے کہلاتے ہیں۔یہ مشرق میں بھارت کے سرحدی علاقے رن کچھ سے شروع ہو کر مغرب میں بلوچستان اور ایران کے سرحدی علاقے تک واقع ہے۔اس کی کل لمبائی 1046 کلومیٹر ہے۔یہ معدنی ذخائر سے مالامال علاقے ہیں۔ماہی گیری کے پیشہ نے صنعت کی شکل اختیار کی ہے۔یہ دو حصوں ساحل سندھ اور ساحل بلوچستان پر مشتمل ہے۔اس میں کراچی اور گوادر کے اہم بندرگاہیں ہیں۔

سوال 4: موسم اور آب وہوا میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب: موسم اور آب و ہوا میں فرق:

موسم کسی جگہ یا مقام کے کرہ ہوائی میں درجہ حرارت، نمی، دباؤ اور بارش کی موجودہ کیفیت یا حالت کا نام ہے جبکہ آب وہوا کسی جگہ یا علاقے کے کرہ ہوائی میں طویل عرصے تک درجہ حرارت، نمی، دباؤ اور بارش کی حالت ہوتی ہے جو کم از کم 30 سال کا عرصہ ہوتا ہے۔موسم ہر لمحے اور ہر علاقے سے

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

دوسرے علاقے میں تغیر پذیر ہوتا ہے جبکہ آب وہوا میں تبدیلی ایک طویل عرصہ کے بعد ممکن ہوتی ہے۔

سوال 5: گلیشئر کسے کہتے ہیں؟ پاکستان کے اہم گلیشئر کون سے ہیں؟

جواب: گلیشئر:

قدرتی طور پر جمع شدہ برف کا ایک بہت بڑا تودہ جو آہستہ آہستہ کشش ثقل اور اپنی مادی دباؤ کی وجہ سے حرکت کررہا ہوتا ہے، گلیشئر کہلاتا ہے۔

پاکستان کے اہم گلیشئر:

(۱) **سیاچن گلیشئر:** سیاچن گلیشئر کوہ قراقرم میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 78 کلومیٹر ہے۔

(۲) **بالتورو گلیشئر:** یہ بھی کوہ قراقرم میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 62 کلومیٹر ہے۔

(۳) **باتورہ گلیشئر:** یہ وادی ہنزہ میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 57 کلومیٹر ہے۔

سوال 6: پاکستان کے دریاؤں کا نظام کیا ہے؟

جواب:

پاکستان میں دریاؤں کے تین نظام ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

(۱) دریائے سندھ کا نظام

(۲) اندرون دریاؤں کا نظام

(۳) ساحلِ مکران کے دریاؤں کا نظام

(۱) دریائے سندھ کا نظام:

دریائے سندھ پاکستان میں بہنے والا سب سے بڑا اور اہم دریا ہے جو کہ شمال سے جنوب کی طرف بہتا ہے۔ اس کی لمبائی 2900 کلومیٹر ہے۔ اس کے مشرقی معاون دریا دریائے ستلج، بیاس، راوی، چناب اور جہلم ہیں۔ اور مغربی معاون دریائے گلگت، دریائے سوات، پنج کوڑہ، کابل، کرم، ٹوچی، بولان وغیرہ ہیں۔ ان تمام دریاؤں کا کارگزاریوں سے ایک وسیع میدان وجود میں آیا ہے۔ اس میدان کو دریائے سندھ کا میدان کہتے ہیں۔ اس کا شمار دنیا کے اہم ترین اور زرخیز میدانوں میں ہوتا ہے۔

(۲) اندرونی دریاؤں کا نظام:

جنوب مغربی بلوچستان میں دریا سمندر میں نہیں بلکہ جھیلوں میں جا کر ختم ہو جاتے ہیں۔

چاغی اور راس کوہ کے پہاڑوں سے نکل کر یہ دریا مقامی جھیلوں تک پہنچنے سے پہلے غائب ہو جاتے ہیں۔ ہامون مشخیل اور ہامون لورا اس علاقے کے مشہور جھیلیں ہیں۔

(۳) ساحلی مکران کے دریاؤں کا نظام:

جنوب میں ساحلی پہاڑوں سے نکل کر دریا سیدھے بحیرہ عرب میں گر جاتے ہیں جن کے معاونین دریا بہت کم ہیں۔ یہاں کے چند اہم دریا حب، پورالی، ہنگول اور دشت ہیں۔

سوال 7: پاکستان کے شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں میں کون سی جنگلی حیات پائی جاتی ہیں؟

جواب: پاکستان کے شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں میں برفانی تیندوے، کالے اور بھورے ریچھ، اودھ بلاؤ بھیڑیے، سیاہ گوش، مارخور، عام چیتے، بلیوں کے کئی اقسام، مارکوپولی بھیڑیں، ہرن، برفانی چیتے اور برفانی مرغے وغیرہ قسم کی جنگلی حیات پاتی ہیں۔

سوال 8: ماحولیاتی خطرات کیا ہیں؟

جواب: ماحولیاتی خطرات:

کوئی خاص عمل، حالت یا محرک جو ماحول کے لئے خطرے کا سبب ہوں، ماحولیاتی خطرات کہلاتے ہیں۔ ماحولیاتی خطرات میں آلودگی اور قدرتی آفات دونوں شامل ہیں۔ ہوا، پانی، زمین اور شور کی آلودگی کے علاوہ قدرتی آفات جیسے زلزلہ، سونامی، سیلاب، بادوباراں، طوفان، خشک سالی اور زمین کا سرکنا ماحولیاتی خطرات ہیں کیونکہ ان سے ماحول کو نقصان ہوتا ہے اور آب و ہوا میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے جو انسانی زندگی اور تمدن کے لئے خطرے کا سبب ہے۔

تفصیلی سوالات

سوال 1: پاکستان کے پہاڑی سلسلوں پر نوٹ لکھیں؟

جواب: پاکستان کے پہاڑی سلسلے:

پاکستان کے طبعی خدوخال میں مختلف پہاڑ واقع ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

شمال و شمال مشرقی پہاڑی سلسلے:

ان میں شوالک، پیر پنجال، کوہ ہمالیہ، کوہ قراقرم اور کوہ ہندوراج کے پہاڑی سلسلے شامل

ہیں۔ یہ تمام شرقاً غرباً متوازی سلسلوں پر مشتمل ہے۔ ڈھلوانوں میں سدابہار نوک دار جنگلات ہیں۔ شمالی علاقہ جات، آزاد کشمیر، صوبہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کا شمالی علاقہ اِن پہاڑی سلسلوں سے گھرا ہوا ہے۔ مری وگلیات، کاغان وناران وغیرہ کے خوبصورت وادیاں اِن میں واقع ہیں۔

شوالک کا پہاڑی سلسلہ:

یہ سلسلہ کم بلند ہے اور ہمالیہ کے دامن میں واقع ہے۔ اس کی اوسط بلندی 600 تا 1200 میٹر ہے۔ جنوبی ہزارہ، اٹک اور راولپنڈی کے کچھ علاقے اس میں شامل ہیں۔

پیر پنجال کا پہاڑی سلسلہ:

پیر پنجال کا پہاڑی سلسلہ شوالک پہاڑوں کے شمال میں واقع ہے۔ اس کی بلندی 1800 تا 4600 میٹر ہے۔ بٹگرام، ایبٹ آباد اور مری اِس میں شامل ہیں۔ مری اور گلیات کے صحت افزاء مقامات یہاں واقع ہیں۔

کوہِ ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ:

یہ دنیا کا عظیم پہاڑی سلسلہ ہے جو پیر پنجال کے شمال میں شرقاً غرباً پھیلا ہوا ہے۔ اس کی اوسط بلندی 6000 میٹر ہے۔ نانگا پربت اس کی بلندترین چوٹی ہے۔ جس کی بلندی 8126 میٹر ہے۔ اس میں کئی چھوٹے بڑے گلیشئرز ہیں۔ مشہور جھیل سیف الملوک اِس میں واقع ہے۔ کشمیر اور ہزارہ کے کچھ پہاڑ اس سلسلے کا حصہ ہے۔ اس سلسلے کا حُسن نوکیلے پتوں والے سدابہار جنگلات اور سرسبز وشاداب پھلوں سے بھری ہوئی وادیاں ہیں۔

کوہِ قراقرم کا پہاڑی سلسلہ:

یہ کوہِ ہمالیہ کے شمال میں واقع ہے۔ اس کی اوسط بلندی 6100 میٹر ہے جبکہ 8611 میٹر بلند K-2 اس کی بلندترین چوٹی ہے۔ اس کے پہاڑی چوٹیاں سارا سال برف سے ڈھکی ہوتی ہیں۔ اس سلسلے میں بارش کم ہوتی ہے اور جنگلات بھی کم ہیں۔ اس میں 20 کلومیٹر لمبے کم ازکم 20 گلیشئرز ہیں اس کے اہم درّے درّہ خنجراب اور درّہ شندور ہیں جو آمدورفت کا ذریعہ ہے۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

کوہِ ہندوراج:

یہ دیر اور سوات کے علاقے میں پھیلا ہوا پہاڑی سلسلہ ہے جو کوہِ ہندوکش اور قراقرم کے درمیان واقع ہے۔اس کی بلند ترین چوٹی کوہ زوم ہے جس کی بلندی 6872 میٹر ہے۔

شمال مغربی اور مغربی پہاڑی سلسلے:

یہ پہاڑ پاکستان کے مغربی اور شمال مغربی علاقے میں پھیلے ہوئے ہیں۔شمالی پہاڑی سلسلے کے مقابلے میں کم بلند ہے۔اِن مغربی پہاڑوں کے اہم سلسلے درج ذیل ہیں۔

کوہِ ہندوکش: یہ چترال اور شمالی علاقہ جات کے مغربی علاقے پر مشتمل ہے۔ترچ میر اس کی بلند ترین چوٹی ہے۔دریائے چترال اس کا اہم دریا ہے۔پاکستان اور افغانستان کے درمیان واقع اِس سلسلے میں چند درّے آمدورفت کا ذریعہ ہیں۔تاریخی درّہ خیبر اس سلسے میں واقع ہے جو افغانستان اور پاکستان کے درمیان اہم تجارتی راستہ ہے۔

کوہِ سفید کا پہاڑی سلسلہ: کوہِ سفید کے پہاڑی سلسلے کی اوسط بلندی 3600 میٹر ہے۔سیکارام سر اس سلسلے کی بلند چوٹی ہے جو پاڑاچنار میں واقع ہے۔

وزیرستان کی پہاڑیاں: وزیرستان کے پہاڑی سلسلے کی اوسط بلندی 1500 تا 3000 میٹر ہے۔ان کے درمیان میں زرخیز وادیاں واقع ہیں۔میرانشاہ اور وانا اِس علاقے میں واقع ہیں۔

کوہِ سلیمان: کوہِ سلیمان کا پہاڑی سلسلہ دریائے گول سے شروع ہوتا ہے اور مشرق کی طرف 450 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے۔تخت سلیمان اِس سلسلے کی بلند ترین چوٹی ہے۔ اِس کی بلندی 3847 میٹر ہے۔

کوہِ کیرتھر: کوہِ کیرتھر کا پہاڑی سلسلہ کوہِ سلیمان کے جنوب میں واقع ہے۔یہ شمالاً جنوباً بلوچستان اور سندھ کے زیریں میدان کو صوبہ بلوچستان سے جدا کرتی ہے۔اس پہاڑی سلسلے کی لمبائی تقریباً 400 کلومیٹر ہے جبکہ اس کی چوڑائی 30 کلومیٹر ہے۔

سوال 2: پاکستان کوآب وہوا کے لحاظ سے کتنے خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ہر ایک کو تفصیل سے بیان کریں؟

جواب: آب و ہوا کی تعریف:

آب و ہوا کسی علاقے یا جگہ کے کرہ ہوائی میں طویل عرصے تک درجہ حرارت، نمی، دباؤ اور بارش کی حالت کو کہتے ہیں۔

آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کے خطے:

پاکستان نیم حاری خطہ میں واقع ہے۔ اس کی آب وہوا عموماً گرم اور خشک ہے لیکن ساحل سمندر، مون سون، مغربی ہوائیں اور بلند و بالا پہاڑ اس گرم اور خشک آب وہوا میں تبدیلی کا سبب ہیں۔ اس لئے پاکستان کو آب وہوا کے لحاظ سے آٹھ خطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(۱) **بلند پہاڑی خطہ:** یہ سطح سمندر سے بہت بلندی پر واقع پہاڑی علاقہ ہے۔ یہاں درجہ حرارت کم ہوتا ہے۔ موسم سرما کے موسم میں بارشیں اور برف باری ہوتی ہے اور موسم بہت سرد ہوتا ہے جبکہ موسم گرما میں موسم خوشگوار ہوتا ہے۔ اس خطے میں شمالی علاقہ اور صوبہ خیبر پختونخوا کے شمالی علاقے شامل ہیں۔

(۲) **مرطوب پہاڑی خطہ:** یہ سطح سمندر سے کم بلندی پر ہونے والے علاقے ہیں۔ اس خطے میں مون سون اور مغربی ہواؤں کی وجہ سے بارش زیادہ ہوتی ہے۔ موسم گرما میں درجہ حرارت معتدل ہوتا ہے۔ موسم سرما میں بارشیں اور برف باری ہوتی ہے۔ اس خطے میں سیر و سیاحت اور جنگلات کے مشہور علاقے مری، گلیات، کاغان اور پاڑاچنار کے علاقے شامل ہیں۔

(۳) **نیم خشک پہاڑی خطہ:** یہ کم بلند پہاڑی خطہ ہے جس میں مغربی ہواؤں کی وجہ سے موسم سرما میں بارشیں اور بعض اوقات برف باری ہوتی ہے۔ موسم گرما معتدل اور خشک ہوتا ہے۔ اس خطے میں قبائلی علاقہ جات، کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ اور قلات کے علاقے شامل ہیں۔

(٤) **مرطوب میدانی خطہ:** اس میں دامن کوہ کے میدانی علاقے شامل ہیں۔ اس میں مون سون کی بارشیں زیادہ ہوتی ہیں۔ اس خطے میں موسم سرما معتدل اور خشک ہوتا ہے۔ اس خطے میں

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

سیالکوٹ، گجرات اور اسلام آباد کے علاقے شامل ہیں۔

(۵) نیم خشک میدانی خطہ: یہ میدانی علاقہ ہے لیکن اس میں مون سون اور مغربی ہواؤں کی وجہ سے بارشیں کم ہوتی ہیں۔ موسم گرما میں بہت گرمی ہوتی ہے لیکن موسم سرما معتدل اور خشک ہوتا ہے۔ اس خطے میں پاکستان کے زرخیز میدانی علاقے شمالی پنجاب اور وادی پشاور شامل ہیں۔

(٦) نیم صحرائی خطہ: اس خطے میں سطح مرتفع بلوچستان کے وہ شمالی اور وسطی علاقے شامل ہیں جو زیادہ بلندی پر ہیں۔ اس خطے میں بارشیں کم ہوتی ہیں اور اس میں موسم گرما سخت گرم اور موسم سرما سخت سرد ہوتا ہے۔

(۷) صحرائی خطہ: صحرائی خطہ میں جنوبی پنجاب، سندھ اور سطح مرتفع بلوچستان کے کم بلندی والا علاقہ شامل ہیں۔ اس خطے میں موسم گرما شدید گرم اور موسم سرما معتدل ہوتا ہے۔ اس خطے کے اُن علاقوں میں کاشت کاری کی جاتی ہے جہاں پر آب پاشی کے ذرائع دستیاب ہیں۔ اس خطے میں تھر پارکر، تھل اور راجستان کے صحرا کے علاقے واقع ہیں۔ اس خطے میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں بہت فرق پایا جاتا ہے۔

(۸) ساحلی خطہ: یہ پاکستان کا ساحل سمندر کے ساتھ واقع علاقے ہیں۔ سمندری ہواؤں کی وجہ سے ساحلی خطہ کا آب و ہوا معتدل رہتا ہے۔ موسم گرما گرم اور موسم سرما معتدل ہوتا ہے۔ اس میں بارشیں کم ہوتی ہیں۔ اس خطے میں پاکستان کی اہم بندرگاہیں کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر واقع ہیں۔

سوال 3: پاکستان کے قدرتی نباتات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پاکستان کی قدرتی نباتات:

قدرتی نباتات ہمارے ماحول کا لازمی حصہ ہے۔ ان قدرتی نباتات کو جنگلات کہا جاتا ہے۔ جب یہ زمین کے ایک وسیع اور بڑے رقبے کو گھیرے ہوئے ہو۔ اس وقت پاکستان کے صرف 4.8 فیصد رقبے پر جنگلات ہیں۔ پاکستان میں قدرتی نباتات کے درج ذیل قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(۱) الپائن کے جنگلات: یہ جنگلات شمالی علاقہ جات چترال، دیر، کوہستان اور گلیات

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

وغیرہ میں پائے جاتے ہیں یہ سدا بہار جنگلات ہیں۔ یہاں دیودار، چیڑ وغیرہ کے درخت پائے جاتے ہیں۔ فرنیچر اور عمارتی لکڑی کے لئے یہ جنگلات استعمال ہوتے ہیں۔

(۲) نوکدار پہاڑی جنگلات: یہ جنگلات پاکستان کے شمالی علاقہ جات ایبٹ آباد، مانسہرہ، اسلام آباد، راولپنڈی، مری اور بلوچستان میں کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے بلند علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ سدا بہار ہوتے ہیں اور کم درجہ حرارت میں رہ سکتے ہیں۔ ان میں صنوبر، دیودار اور چلغوزے کے درخت اہم ہیں۔ عمارتی لکڑی اور فرنیچر ان کے مرہونِ منت ہے۔ ماحول کے صفائی کے علاوہ سیلابوں کو روکنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(۳) دامن کوہ کے جنگلات: یہ جنگلات نیم خشک پہاڑوں اور اس کے دامن میں ہوتے ہیں ان میں چنار، شہتوت اور شیشم کے درخت ہوتے ہیں۔ یہ پنجاب کے گجرات، جہلم، راولپنڈی اور اٹک کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے مانسہرہ، ایبٹ آباد، مردان، پشاور اور کوہاٹ کے علاقوں میں یہ جنگلات پائے جاتے ہیں اور بلوچستان میں کوہ سلیمان کے دامن میں اِن درختوں کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(٤) بیلے کے جنگلات: بیلے کے جنگلات دریائے سندھ اور اس کے معاون دریاؤں کے کناروں پر پائے جاتے ہیں۔ اس میں شیشم اور ببول کے درختیں ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ اور سخت ہوتی ہے اور فرنیچر کے بنانے میں کام آتی ہے۔

(۵) ساحلی جنگلات: ساحلی جنگلات ساحل سمندر کے علاوہ دریائے سندھ اور دریائے حب کے ڈیلٹا پر پائے جاتے ہیں۔ ان کے درخت چھوٹے ہوتے ہیں اور یہ درخت نمکین پانی میں بھی رہ سکتے ہیں جن کی اونچائی 3 تا 6 میٹر تک ہوتی ہے۔ ساحلی علاقوں کے لوگ عمارات کے لئے ان کی لکڑی کو استعمال میں لاتے ہیں۔

(٦) مصنوعی جنگلات: وہ جنگلات جو انسانوں نے لگائے اور آباد کئے ہو، مصنوعی جنگلات کہلاتے ہیں۔ ان میں ببول، شیشم اور الائچی کے درخت اُگائے جاتے ہیں۔ یہ مختلف مقاصد کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس قسم کے جنگلات لاہور کے قریب چھانگا مانگا، تھل کے صحرا میں ضلع

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

4 ساہیوال میں اور غلام محمد اور گدو بیراج کے ساتھ لگائے گئے ہیں۔

(۷) خشک جھاڑی نما جنگلات: خشک جھاڑی نما جنگلات کو جھاڑی نما جنگلات بھی کہا جاتا ہے۔ ان میں صحرائی کانٹے دار جنگلات اہمیت کے قابل ہیں۔ ان میں کیکر، بیر، پلوسہ، کرید، شاہ بلوط وغیرہ کے اہم نباتات ہوتے ہیں۔ یہ جنگلات دریائے سندھ کے میدانی اور بلوچستان کے صحرائی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

سوال 4: قدرتی خطہ سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کے قدرتی خطوں کا حال مفصل لکھیں؟

جواب: قدرتی خطہ:

قدرتی خطہ سے مراد وہ علاقہ ہے جس کے طبعی خدوخال، آب و ہوا، قدرتی نباتات، جانور اور انسانی سرگرمیاں یکساں ہوں، قدرتی خطہ کہلاتا ہے۔ اس تعریف کی رُو سے پاکستان پانچ بڑے خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) میدانی خطہ: میدانی علاقوں میں ڈھلوان کم ہوتا ہے۔ یہ انسان کے ماحول کے لئے ضروری ہے۔ یہ ہموار علاقے کاشتکاری کے لئے اہم ہوتے ہیں۔ ان علاقوں میں پانی، ذرائع نقل وحمل اور دوسری سہولیات آسانی سے میسر ہوتے ہیں۔ یہ گنجان آباد خطہ ہے۔ پاکستان میں دریائے سندھ کا میدانی علاقہ کپاس، گندم، چاول اور گنے کی کاشتکاری کے لئے بہترین ہے۔ پاکستان کے اہم شہر جیسے لاہور، گجرانوالہ، سکھر، فیصل آباد اور حیدرآباد اس میدانی خطے میں واقع ہے۔ اس خطے میں چینی، کپاس، کپڑے وغیرہ کے بڑی اور چھوٹی صنعتیں موجود ہیں۔

(۲) صحرائی خطہ: صحرائی خطہ میدانی علاقے میں واقع ہے لیکن بارشوں اور سہولیات زندگی کے کمی کی وجہ سے غیر آباد ہیں۔ لوگ خانہ بدوش ہیں۔ زرخیز زمین کے باوجود پانی کی کمی کاشتکاری کی راہ میں رکاوٹ ہے لیکن پاکستان کے صحرائے تھر کو سکھر بیراج کی نہروں سے قابل کاشت بنایا گیا ہے۔ بلوچستان کے صحرائی علاقوں میں بعض میں کاریز کے ذریعے آبپاشی کی جاتی ہے۔ پاکستان کے صحرائی خطے میں تھل، تھر اور چولستان کے صحرا کے علاقے شامل ہیں۔

(۳) **ساحلی خطہ**: یہ پاکستان کا جنوبی علاقہ ہے جو کہ دریائے سندھ کے ڈیلٹا، کراچی کے ساحل اور مکران کے ساحلی علاقوں پر مشتمل ہیں۔ سمندر کی قربت کی وجہ سے درجہ حرارت معتدل رہتا ہے لیکن دریائے سندھ کے تازہ اور سمندر کے نمکین پانی نے زمین کو دلدل بنایا ہے لیکن جنوبی صوبہ سندھ اور کراچی مکران کے مقابلے میں زیادہ گنجان آباد ہیں۔ لوگ زیادہ تر ماہی گیری کے پیشہ سے وابستہ ہیں اور تجارت بھی کرتے ہیں۔

(٤) **خشک اور نیم خشک پہاڑی خطہ**: یہ کم آبادی کا علاقہ ہے اور آبادی زیادہ گنجان نہیں ہے۔ یہ پاکستان کے شمال مغربی اور جنوب مغربی پہاڑی علاقے پر مشتمل ہے۔ اس میں انتہائی کم بارش ہوتی ہے۔ یہ پاکستان کا خشک خطہ ہے۔ سردیوں میں موسم سخت سرد اور گرمیوں میں معتدل اور خوشگوار ہوتا ہے۔ سرما میں لوگ میدانی علاقوں کی طرف جاتے ہیں۔ لوگوں کا پیشہ بھیڑ بکریاں چرانا ہے۔ فصلوں میں سیب، آم اور انگور کے باغات پائے جاتے ہیں۔

(٥) **مرطوب و نیم مرطوب پہاڑی خطہ**: اس خطے میں شمالی اور شمال مشرقی پہاڑی علاقے شامل ہیں۔ زیادہ بلندی کی وجہ سے بارشیں زیادہ ہوتے ہیں۔ اس خطے کے پہاڑ 2000 تا 5000 میٹر بلند ہیں۔ پہاڑوں کے ڈھلوانوں پر سدا بہار خوبصورت جنگلات پائے جاتے ہیں جو ماحول کی صفائی کے علاوہ جنگلی حیات اور پرندوں کے لئے رہائش گاہیں ہیں۔ گلیات اور کاغان وغیرہ کی وادیاں گرمیوں میں سیاحوں کے لئے باعث کشش ہے لیکن اس خطے کی انتہائی شمالی علاقے دشوار گزار راستوں کی وجہ سے آبادی سے خالی ہیں۔ سڑکوں پر تودوں کا گرنا اور موسم سرما میں زیادہ برف باری کی وجہ سے ذرائع آمدورفت ختم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اس خطے کے رہنے والے اقتصادی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔

سوال5: پاکستان کے ماحولیاتی مسائل پر روشنی ڈالیں؟

جواب: ماحولیاتی مسائل:

وہ تمام ذرائع اور اسباب جس سے ماحول میں بگاڑ اور خرابی پیدا ہوتی ہے، ماحولیاتی مسائل کہلاتے ہیں۔ جنگلات کی کٹائی، ہوائی، فضائی اور آبی آلودگی، سیم وتھور اور زرخیز زمینوں کا بنجر ہونا

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

۔ حولیاتی مسائل ہیں۔

پاکستان کے ماحولیاتی مسائل:

پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے جس میں نئے کارخانے اور صنعتیں لگ رہے ہیں اور آبادی میں بے تحاشا اضافہ کی وجہ سے ماحولیاتی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ماحولیاتی مسائل درج ذیل ہیں:

(۱) سیم و تھور کا مسئلہ: آبپاشی کے لئے دنیا میں بہترین نہری نظام پاکستان میں ہے لیکن فائدے کے ساتھ ساتھ یہ سیم وتھور جیسے خطرناک ماحولیاتی مسئلے پیدا کرنے میں یہ بنیادی مقام رکھتا ہے کیونکہ پاکستان کی نہروں میں سارا سال پانی بہتا رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے زیرِ زمین پانی کی سطح بلند ہو جاتی ہے اور جب زیرِ زمین پانی اونچا ہو کر زمین کی سطح تک آ جاتی ہے تو اس کو سیم کہتے ہیں اور یہ زمین کو دلدل بناتی ہے۔ جو کاشت کاری کے لئے ناموزوں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ زمین کے اندر نمکیات جب حل ہو کر زمین کی سطح پر آ جاتے ہیں اور تبخیر کے ذریعے پانی بخارات میں تبدیل ہو جاتی ہے اور نمکیات ایک تہہ کی شکل میں زمین کے اوپر رہ جاتے ہیں۔ اس کو تھور کہتے ہیں۔ اسی طرح یہ تھور زدہ زمین بھی کاشت کے قابل نہیں رہ جاتی اور اس ماحولیاتی مسئلہ نے پاکستان کے کافی زرخیز و آباد زمین کو بنجر اور غیر آباد بنایا ہے۔

(۲) جنگلات کی کٹائی: جنگلات کسی بھی ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک کے لئے اس کے 25 فیصد پر جنگلات ہونے چاہئے لیکن پاکستان کے صرف 4.8 فیصد رقبے پر جنگلات ہیں لیکن ہماری ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے خوراک اور فصلوں کی ضروریات بڑھ رہی ہیں۔ جس کی وجہ سے جنگلات کو صاف کر کے زمین زراعت کے استعمال کے قابل بنائی جا رہی ہے۔ شہر اور شہروں کی آبادی پھیل رہی ہے جس کے لئے جنگلات والے رقبے صاف کئے جا رہے ہیں۔ بڑھتی ہوئی صنعتکاری اور ذرائع نقل و حمل اور سڑکوں میں اضافہ کی وجہ سے درختوں کو کاٹ کر سڑکیں بنائے جا رہے ہیں۔ جنگلات کے اس بے دریغ کٹائی سے پاکستان کے لئے خطرناک ماحولیاتی مسائل پیدا ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے نہ صرف انسانوں اور جانوروں پر بلکہ سارے ماحول پر بُرے اثرات پڑ رہے ہیں۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

زرخیز زمینوں کا صحرائی اور بنجر ہونا:

پاکستان کو زرخیز زرعی زمینوں کا صحرائی اور بنجر ہونے جیسے خطرناک ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے۔ زرخیز زمین ماحولیاتی عوامل اور انسانی عمل دخل جیسے دو وجوہات کی وجہ سے صحرائی اور بنجر زمینوں میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ یہ سب کچھ نہ صرف بارشوں کی کمی کی وجہ سے ہو رہا ہے بلکہ ماحولیاتی عوامل میں تبدیلیوں کی وجہ سے نہ صرف بارشوں کی مقدار میں کمی ہوتی ہے بلکہ پہاڑوں پر پہلے کی طرح کافی برف باری بھی نہیں ہوتی جس کی وجہ سے آباد زرعی زمینیں غیر آباد اور بنجر ہو رہے ہیں۔

سیلاب اور خشک سالی:

پاکستان کے ماحولیاتی مسائل میں سیلاب اور خشک سالی بھی بہت اہم ہے۔ 2010ء اور 2011ء کے سیلاب نے تو ملک میں تباہی مچا دی تھی۔ اس کے علاوہ بعض اوقات ملک میں بارش کی ضرورت ہونے کے باوجود طویل خشک سالی ہوتی ہے۔ جس سے نہ صرف فصلیں بلکہ انسانی اور جانوروں کا ضیاع ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کبھی کبھار تیز آندھیاں اور طوفانی بارشیں ہوتے ہیں۔ ان سب ماحولیاتی مسائل سے بہت نقصان ہوتا ہے۔

سوال 6: ماحولیاتی آلودگی اور اس کے اقسام پر نوٹ لکھیں۔ ماحولیاتی آلودگی کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟

جواب: ماحولیاتی آلودگی:

اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے گرد و پیش کے ماحول میں ایک خاص تناسب پیدا کیا ہے۔ ماحول کے اس خاص تناسب میں تبدیلی کو ماحولیاتی آلودگی کہتے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی کے اقسام:

ماحولیاتی آلودگی کے تین بڑے اقسام ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) ہوا یا فضائی آلودگی: کارخانوں اور گاڑیوں سے نکلنے والا دھواں، کاربن ڈائی آکسائیڈ، ہائیڈروجن، نائٹروجن آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، گرد و غبار، راکھ اور کیمیائی مواد کے ہوا میں شامل ہونے سے ہوا کی آلودگی ہوتی ہے جو براہ راست انسانی صحت اور دوسرے حیات پر بُری طرح

اثر انداز ہوتی ہے۔ شہری اور صنعتی علاقوں میں ہوا کی آلودگی زیادہ ہوتی ہے۔

(۲)پانی یا آبی آلودگی: کارخانوں اور فیکٹریوں سے نکلے زہریلے مادے اور گھریلوں فضلہ جات کا پانی کے ساتھ ملکر دریاؤں کے پانی میں شامل ہونے سے پانی کی آلودگی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بحری جہازوں سے نکلنے والا تیل اور فصلوں وغیرہ پر سپرے کے زہریلے اثرات کا بارش کے پانی کے ساتھ مل کر پانی کے بڑے دریاؤں کے ساتھ ملنے سے پانی کی آلودگی ہوتی ہے جس سے دوسرے بیماریوں کے علاوہ پھیپھڑوں، انتڑیوں اور جگر کے خطرناک امراض پیدا ہوتے ہیں۔

(۳)زمین کی آلودگی: بڑھتے ہوئے گھنی آبادی کی وجہ سے انسانوں اور جانوروں کا فضلہ اور کوڑا کرکٹ زمین کو آلودہ کرتا ہے۔ فصلوں اور سبزیوں پر زہریلے سپرے مٹی کے ساتھ مل کر زمین کو آلودہ کرتا ہے۔ پلاسٹک کے تھیلے اور مٹی میں کیمیائی کھاد کے استعمال کی وجہ سے بھی زمینی آلودگی ہوتی ہے جس کی وجہ سے فصلوں اور سبزیوں میں خطرناک زہریلے اثرات انسانی زندگی کے لئے خطرناک ہے۔

ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام:

ماحولیاتی آلودگی کو درج ذیل اقدامات کی وجہ سے روکا جا سکتا ہے۔

گاڑیوں اور کارخانوں کا کم استعمال: گاڑیوں اور کارخانوں کے علاوہ دیگر ایندھن استعمال کرنے والے مشینوں کا استعمال کم کیا جائے۔ اس کے علاوہ ماحول دوست ایندھن جیسے C.N.G استعمال کیا جائے۔ اس سے ماحولیاتی آلودگی میں کم ہوگی۔

فلٹر کا استعمال: بڑے بڑے کارخانوں اور فیکٹریوں میں فلٹر لگائے جائے جو سلفر ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرلیں اور فضا میں نہ جانے پائے۔

نامیاتی ایندھن کا استعمال: غیر نامیاتی ایندھن کے استعمال کے بجائے نامیاتی ایندھن کا استعمال آلودگی کی روک تھام کا بہترین حل ہے۔

زہریلی گیسوں کا عدم استعمال: C.F.C.S اور دوسرے زہریلے گیسیں فضا میں جا کر اوزون تہہ کو تباہ کرنے کا سبب بنتے ہیں اس لئے C.F.C.S اور دوسرے زہریلے گیسوں

کا استعمال بند کیا جائے۔

جراثیم کش ادویات: جراثیم کش ادویات کا فصلوں اور سبزیوں پر استعمال کم سے کم کرنا چاہیے۔

شجرکاری: درختیں اور پودے لگانے سے فضائی آلودگی کم ہوتی ہے۔ تیز آندھی میں درختوں کی موجودگی بڑے پیمانے پر گردوغبار کو روکتی ہے۔

گندہ پانی: گھروں اور کارخانوں سے نکلنے والا گندہ اور زہریلا پانی دریاؤں اور تالابوں میں نہیں گرانا چاہیئے۔

کیمیائی کھادوں کا کم استعمال: کیمیائی کھادوں کا کم سے کم استعمال کرنا چاہیے۔ اس طریقے سے زمینی آلودگی کم ہوگی۔

پلاسٹک تھیلوں پر پابندی: پلاسٹک کے تھیلوں نے زمین کو بہت آلودہ کیا ہے۔ حکومت کو پلاسٹک کے تھیلوں خصوصاً کالے پلاسٹک تھیلوں پر پابندی لگانی چاہیئے۔

کوڑا کرکٹ: کوڑا کرکٹ کے ڈھیر اور انسانی اور حیوانی فضلہ ماحول کو آلودہ کرتا ہے۔ اس لئے ان کو کھلے میدانوں میں پھینکنے کے بجائے ٹھکانے لگانے کے لئے اقدامات کرنے چاہیئے۔

باب 4

پاکستان کی تاریخ

مشقی سوالات

سوال ۱: مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کریں؟

(۱) بھارت نے پاکستانی نہروں کے ہیڈورکس کب بند کئے؟

(الف) یکم مارچ 1947ء (ب) یکم اپریل 1948ء

(ج) یکم مئی 1948ء (د) یکم جولائی 1949ء

(۲) سندھ طاس معاہدہ کب طے پایا؟

(الف) 1951ء (ب) 1955ء (ج) 1960ء (د) 1961ء

(۳) پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس کس کی قیادت میں ہوا؟

(الف) لیاقت علی خان (ب) جوگندر ناتھ منڈل

(ج) قائداعظم (د) چوہدری محمد علی

(۴) مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟

(الف) 1300 کلومیٹر (ب) 1400 کلومیٹر

(ج) 1500 کلومیٹر (د) 1600 کلومیٹر

(۵) قیام پاکستان کے بعد لیاقت علی خان کس عہدے پر مقرر ہوئے؟

(الف) وزیر خزانہ (ب) صدر مملکت (ج) گورنر جنرل (د) وزیر اعظم

(۶) قائداعظم محمد علی خان نے کب وفات پائی؟

(الف) 11 ستمبر 1948ء (ب) 12 ستمبر 1948ء

(ج) 11 دسمبر 1948ء   (د) 11 دسمبر 1949ء

(۷) آزادی سے پہلے برطانوی ہندوستان میں کتنی شاہی ریاستیں تھیں؟

(الف) 360   (ب) 460   (ج) 560 .   (د) 660

(۸) یکم جنوری 1948ء کو کشمیر کا مسئلہ کہاں پیش کیا گیا؟

(الف) جنرل اسمبلی   (ب) سلامتی کونسل

(ج) مشاورتی کونسل   (د) اسلامی سربراہی کونسل

(۹) قرارداد مقاصد کب منظور ہوئی؟

(الف) 10 مارچ 1948ء   (ب) 11 مارچ 1949ء

(ج) 12 مارچ 1949ء   (د) 13 مارچ 1950ء

(۱۰) 23 مارچ 1956ء کو ملک کا کون سا آئین نافذ کیا گیا؟

(الف) پہلا   (ب) دوسرا   (ج) تیسرا   (د) چوتھا

(۱۱) ملک میں پہلے مارشل لاء کا نفاذ کب ہوا؟

(الف) 7 اکتوبر 1958ء   (ب) 16 اکتوبر 1958ء

(ج) 17 اکتوبر 1949ء   (د) 18 اکتوبر 1949ء

(۱۲) بنیادی جمہوریتوں کا نظام کب رائج ہوا؟

(الف) اگست 1947ء   (ب) اکتوبر 1948ء

(ج) اکتوبر 1958ء   (د) اکتوبر 1959ء

(۱۳) مسلم فیملی آرڈیننس کس نے جاری کیا؟

(الف) سکندر مرزا   (ب) جنرل یحییٰ خان

(ج) غلام محمد   (د) جنرل ایوب خان

(۱۴) 1965ء کے صدارتی انتخابات میں ایوب خان کے مدمقابل کون تھا؟ .

(الف)جنرل یحییٰ خان (ب)محترمہ فاطمہ جناح

(ج) بیگم لیاقت علی خان (د) سکندر مرزا

(۱۵) تاشقند کانفرنس کس ملک میں ہوئی؟

(الف)تاجکستان (ب)ترکمانستان (ج)کرغیزستان (د)ازبکستان

(۱۶) 1967ء میں کون سی پارٹی قائم ہوئی؟

(الف)جماعت اسلامی (ب)پیپلز پارٹی

(ج)مسلم لیگ (د)عوامی نیشنل پارٹی

(۱۷) ملک میں دوسرا مارشل لاء کب لگا؟

(الف)25اپریل1968ء (ب)25فروری1969ء

(ج)25مارچ1969ء (د)25دسمبر1970ء

(۱۸) ملک میں پہلی دفعہ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر عام انتخابات کب ہوئے؟

(الف)1960ء (ب)1962ء (ج)1965ء (د)1970ء

(۱۹) بنگلہ دیش کب وجود میں آیا؟

(الف)14دسمبر1970ء (ب)15دسمبر1971ء

(ج)16دسمبر1971ء (د)18دسمبر1971ء

(۲۰) پاکستان نے بنگلہ دیش کو کب تسلیم کیا؟

(الف)دسمبر1971ء (ب)دسمبر1972ء

(ج)فروری1974ء (د)مارچ1975ء

جوابات

۱۔ (ب) یکم اپریل1948ء ۲۔ (ج)1960ء ۳۔ (ب)جوگندر ناتھ منڈل

۴۔ (د)1600 کلومیٹر ۵۔ (د)وزیراعظم ۶۔ (الف)11 ستمبر1948ء

۷۔ (ج)560 ۸۔ (ب)سلامتی کونسل ۹۔ (ج)12مارچ1949ء

۱۰۔ (الف) پہلا ۱۱۔ (ب) 17 اکتوبر 1958ء ۱۲۔ (د) اکتوبر 1959ء

۱۳۔ (د) جنرل ایوب خان ۱۴۔ (ب) محترمہ فاطمہ جناح ۱۵۔ (د) ازبکستان

۱۶۔ (ب) پیپلز پارٹی ۱۷۔ (ج) 25 مارچ 1969ء ۱۸۔ (د) 1970ء

۱۹۔ (ج) 16 دسمبر 1971ء ۲۰۔ (ج) فروری 1974ء

مختصر سوالات

سوال 1: پاکستان کا قیام کن تین باتوں کی وجہ سے ایک اہم واقعہ ہے؟

جواب: پاکستان کا قیام درج ذیل تین باتوں کی وجہ سے ایک اہم واقعہ ہے۔

(۱) ذریعہ قیام آئینی و سیاسی:

پاکسان کا قیام اس لئے ایک اہم واقع ہے کہ اس کا قیام ایک آئینی اور سیاسی جدوجہد کے ذریعے ہوئی ہے۔

(۲) نجات غلامی:

اس کا قیام ایک اہم واقعہ ہے کیونکہ اس کے قیام سے پہلے ہم انگریزوں کے غلام تھے۔ اس کے قیام کی وجہ سے ہمیں انگریزوں کی غلامی سے نجات ملی۔

(۳) نئی مملکت:

اس کا قیام ایک اہم واقعہ ہے کیونکہ اس کے نتیجے کے طور پر برطانوی ہند میں پاکستان کے نام سے ایک نئی مملکت کا قیام عمل میں آیا۔

سوال 2: پاکستان کے ابتدائی مسائل کے حل کے لئے قائداعظم نے کن زریں اصولوں کی نشان دہی کی؟

جواب: پاکستان کے ابتدائی مسائل جیسے مہاجرین کی آبادکاری، دفاع، پڑوسیوں کے ساتھ تنازعات، صوبائی اور نسلی تعصب وغیرہ کے حل کے لئے قائداعظم ان زرین اصولوں کی نشان دہی کی۔

تلقین صبر:

مہاجرین کے آبادکاری کے لئے قائداعظم نے نہ صرف لوگوں کو صبر کی تلقین کی بلکہ جگہ جگہ جا کر لوگوں کے آبادکاری کے لئے عملی اقدامات اُٹھائے۔

ملکی سالمیت:

ملکی دفاع اور سالمیت کے مسئلے کو مقدم رکھتے ہوئے ملکی بجٹ کا بڑا حصہ دفاع کے لئے مخصوص کردیا۔

پُرامن حل:

آپ نے بھارت اور افغانستان کے ساتھ تنازعات کے پُرامن طریقے سے حل کرنے پر زور دیا۔

صوبہ پرستی و نسل پرستی سے گریز:

آپ نے صوبہ پرستی اور نسل پرستی سے گریز کے زرین اصولوں پر عمل کرنے پر زور دیا۔

جذبہ خدمت:

آپ نے حکمرانوں کو عوام کے جذبہ خدمت کے زرین اصول کی طرف راغب کیا اور سرکاری ملازمین کو احساس دلایا کہ وہ حکمران نہیں بلکہ خادم قوم ہیں۔

مساوات اور معاشرتی انصاف:

ملکی معیشت کو آپ نے مساوات اور معاشرتی انصاف کے اصولوں پر کاربند رہنے کے لئے زور دیا جس سے سارے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔

امن:

آپ ایسا نظام معیشت چاہتے تھے جو انسانوں کے لئے امن کا پیغام دیں کیونکہ امن ہی سے انسانیت کی بقاء ممکن ہے۔

احساس تعلیم:

قائداعظم نے نوجوان نسل کو صرف اور صرف تعلیم پر توجہ اور احتجاجی سیاست سے گریز کی

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

بھرپور تعلیم مختلف مواقع پر دی۔

دوستانہ تعلقات:

خارجہ پالیسی کے حوالے سے مرکزی نکتہ یہ تھا کہ تمام ممالک سے بالعموم اور ہمسایہ اور مسلم ممالک سے خاص طور پر برابری کی بنیاد پر دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی وکالت کی۔

سوال 3: تقسیم ہندوستان کے وقت ریاستوں کے الحاق کے لئے کیا فیصلہ کیا گیا؟

جواب: تقسیم ہندوستان کے وقت ریاستوں کے الحاق کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ ریاستوں کو اختیار دیا گیا کہ وہ بھارت یا پاکستان کے ساتھ الحاق کر سکتی ہیں اور اگر چاہیں تو آزاد بھی رہ سکتی ہیں لیکن اس میں دو باتوں کا خیال رکھے گا۔

(۱) جغرافیائی محل وقوع نظر انداز نہ ہوں۔

(۲) الحاق کا فیصلہ رعایا کے مرضی کے مطابق ہوں۔

سوال 4: مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے سلامتی کونسل کی قراردادوں کے نکات بیان کریں؟

جواب: ہندوستان نے یکم جنوری 1948ء کو کشمیر کا مسئلہ سلامتی کونسل میں پیش کیا۔ 12 اگست 1948ء اور 5 جنوری 1949ء کو دو قراردادیں منظور کیں جن کو پاکستان اور بھارت کی حکومتوں نے تسلیم کیا۔ سلامتی کونسل کے ان قراردادوں کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

(۱) **جنگ بندی:** جنگ فوری طور پر بند کی جائے۔

(۲) **جنگ بندی لائن:** اقوام متحدہ کے کمیشن کی نگرانی میں آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے درمیان جنگ بندی لائن کھینچ دی جائے۔

(۳) **فوجی ہٹاؤ:** دونوں ملکوں کی حکومتیں کشمیر سے اپنی اپنی فوجیں ہٹالیں۔

(٤) **استصواب رائے:** اقوام متحدہ کی نگرانی میں کشمیر کی ریاست میں استصواب رائے کا انتظام کیا جائے گا۔

سوال 5: قراردادِ مقاصد اور اس کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: قراردادِ مقاصد 12 مارچ 1949ء کو وزیر اعظم لیاقت علی خان نے دستور ساز اسمبلی سے منظور کروائی۔ قراردادِ مقاصد میں حاکمیت الٰہی، اسلامی اقدار اور تصورات کا تحفظ اور نفاذ، اقلیتوں کا تحفظ، وفاقی نظام، عدلیہ کی آزادی، بنیادی حقوق اور جمہوریت کا فروغ جیسے اہم نکات شامل ہیں۔

قرارداد مقاصد کی اہمیت:

بنیادی دستاویز: قراردادِ مقاصد پاکستان کی آئینی تاریخ میں ایک بنیادی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔

آئینی سازی کے حوالے سے اہمیت: قراردادِ مقاصد کے اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں جتنے بھی آئین بنے ہیں۔ اُن کی بنیاد قراردادِ مقاصد پر ہی رکھی گئی ہے۔

آئین کا حصہ: اس قرارداد کی اس سے بڑھ کر اور کیا اہمیت ہو سکتی ہے کہ موجودہ آئین 1973ء میں قراردادِ مقاصد کو آئین کا باضابطہ حصہ بنایا گیا ہے اور پہلے آئینوں میں یہ ابتدائیہ یعنی Preamable کا حصہ تھا۔

سوال 6: 1962ء کے انتخابات میں ایوب نے کیسے کامیابی حاصل کی؟

جواب: 1960ء میں یونین کونسل کے نمائندوں نے ایوب خان کو صدر پاکستان منتخب کیا اور بعد میں 1962ء کے آئین کے تحت یہ تمام B.D. ممبران ایک انتخابی حلقے کی حیثیت اختیار کر گئے۔ ایوب خان نے 80 ہزار B.D. اراکین کو یا تو خرید کر یا سرکاری دباؤ ڈال کر اپنے آپ کو منتخب کیا اور اس طرح انہوں نے کامیابی حاصل کی۔

سوال 7: معاہدہ تاشقند کیا ہے؟

جواب: وجہ تسمیہ:

اس معاہدہ کو معاہدہ تاشقند اس لئے کہتے ہیں کہ یہ ازبکستان کے شہر تاشقند میں ہوا ہے۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

سبب:

یہ معاہدہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان 1965ء کی جنگ کے سلسلے میں سرانجام پائی ہے۔

ثالث:

معاہدہ تاشقند وہ معاہدہ ہے جو سوویت یونین کے ثالثی کی وجہ سے انجام پایا۔

رکن ممالک:

معاہدہ تاشقند کے رکن ممالک پاکستان اور بھارت ہیں۔

دستخط کنندگان:

معاہدہ تاشقند پر اس وقت کے بھارتی وزیراعظم لال بہادر شاستری اور پاکستان کے صدر ایوب خان نے دستخط کئے۔

تاریخ معاہدہ:

اس معاہدہ پر پہنچنے کے لئے تاشقند کانفرنس 4 جنوری 1966ء سے 10 جنوری 1966ء تک جاری تھی۔ روسی وزیراعظم کی کوششوں سے دونوں ملکوں کے درمیان تنازعات پر بحث کے بعد 10 جنوری کو دستخط کئے گئے۔

نکات:

اس معاہدہ کے کل نو نکات تھے جس میں دوسرے باتوں کے علاوہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا گیا۔

سوال 8: ایوب خان کے زوال اور تحریک جمہوریت کی ابتداء کیسے ہوئی؟

جواب: زوال ایوب خان:

جنگ 1965ء اور خراب معیشت: 1965ء کی جنگ نے نہ صرف ملک کو معاشی طور پر کمزور کیا بلکہ مشرقی پاکستان کا یہ احساس بھی تھا کہ دورانِ جنگ مشرقی پاکستان کے دفاع کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں تھا جس سے ایوب خان کا زوال واضح تھا۔

صوبائی خودمختاری: دورانِ جنگ مشرقی پاکستان کے احساس عدم تحفظ کی وجہ سے صوبائی خودمختاری کی تحریک شروع ہوئی۔

بنیادِ پیپلز پارٹی: ایسے صورتحال میں 1967ء میں ذوالفقار علی بھٹو نے پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھ دی۔

تحریک جمہوریت: پیپلز پارٹی نے تحریک جمہوریت چلائی جو ایوب خان کے خلاف کافی مقبول ہوئی۔ اس دوران طلباء کی تحریک بھی ملک کے دونوں حصوں میں پھیل گئی اور کسان، مزدور، وکیل اور سرکاری ملازمین بھی حکومت کے خلاف تحریک جمہوریت میں شامل ہو گئے۔

سوال9: لیگل فریم ورک آرڈر (L.F.O) کے چیدہ چیدہ نکات بیان کریں؟

جواب: لیگل فریم ورک آرڈر:

لیگل فریم ورک آرڈر ایک آئینی فارمولا تھا جو کہ یحییٰ خان نے 29 مارچ 1969ء کو پیش کیا۔

چیدہ چیدہ نکات:

تحفظ اسلامی نظریہ: مستقبل کے آئین میں اسلامی نظریہ کو تحفظ دیا جائے گا۔

وفاقی حکومت: اسلامی جمہوریہ پاکستان ایک وفاقی حکومت ہوگی جو ملک کے تمام علاقوں پر مشتمل ہوگی۔

بنیادی حقوق وغیرہ: آئین میں بنیادی حقوق، بالغ رائے دہی اور عدلیہ کی آزادی کو تحفظ دیا جائے گا۔

صوبائی خودمختاری: آئین میں ایک مضبوط مرکز کے ہوتے ہوئے زیادہ سے زیادہ صوبائی خودمختاری دی جائے گی۔

یکساں مواقع: تمام شہریوں کو قومی زندگی میں یکساں مواقع مہیا کرنے کے علاوہ تمام علاقوں سے معاشی ناہمواری ختم کی جائے گی۔

ارکان قومی اسمبلی: قومی اسمبلی کے ارکان کی تعداد 313 ہوگی۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

خواتین ارکان: خواتین کے لئے اِن میں 13 نشستیں مخصوص ہوں گے۔

سوال10: 1970ء کے عام انتخابات میں کیا انتخابی نتائج سامنے آئے؟

جواب: 1970ء کے انتخابات کے نتائج:

تاریخ انتخابات: یہ انتخابات دسمبر اور جنوری 71-1970ء میں منعقد ہوئے۔

مشرقی پاکستان: انتخابی نتائج کے مطابق مشرقی پاکستان میں عوامی لیگ نے 169 نشستوں میں سے 167 نشستیں حاصل کیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی نے مشرقی پاکستان میں ایک نشست بھی حاصل نہیں کی۔

مغربی پاکستان: مغربی پاکستان میں پاکستان پیپلز پارٹی نے 138 نشستوں میں سے 87 نشستیں حاصل کیں جبکہ عوامی لیگ نے مغربی پاکستان میں کوئی نشست حاصل نہیں کی۔ مغربی پاکستان کے چار صوبوں میں سے پنجاب اور سندھ میں پیپلز پارٹی جبکہ صوبہ سرحد اور بلوچستان عوامی نیشنل پارٹی اور جمعیت علماء اسلام نے کافی نشستیں جیت کر دونوں صوبوں میں حکومت بنالی۔

تفصیلی سوالات

سوال1: پاکستان کے ابتدائی مسائل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پاکستان 14 اگست 1947ء کو معرض وجود میں آیا۔ جس طرح ہر نئے گھر میں مسائل اور مشکلات ہوتے ہیں۔ پاکستان کے نئے وطن اور قوم کو بھی کچھ مسائل کا سامنا تھا لیکن ان میں اہم مسائل اور ان کا حل درج ذیل ہیں۔

ریاستی اور انتظامی مسائل اور ان کا حل:

قیام پاکستان کے ساتھ ہندو مسلم فسادات شروع ہوگئے۔ پاکستان کے ساتھ انتظامی اُمور چلانے کے لئے سرکاری ملازم نہ ہونے کے برابر تھے۔ خصوصاً انتظامی عہدوں پر ملازمین کی شدید قلت کا سامنا تھا۔ بہت کم مسلمان انتظامی افسر پاکستان آئے لیکن پھر بھی قائداعظم کی دُور اندیش قیادت میں دستیاب سرکاری ملازمین نے ہمت نہیں ہاری اور حالات کا مقابلہ کیا۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

مہاجرین کی آبادکاری کے مسئلہ کا حل: 5

قیام پاکستان کے ساتھ تقریباً65لاکھ کے قریب مسلمان بھارتی علاقوں سے پاکستان ہجرت کر گئے۔ راستوں میں لوٹے گئے ان بے سروسامان لوگوں کی آبادکاری ایک بڑا مسئلہ تھا لیکن حکومت نے اپنے محدود وسائل کے باوجود مہاجرین کے لئے عارضی کیمپ لگائے اور کافی حد تک خوراک بھی فراہم کی لیکن مہاجرین کے ساتھ کچھ معاشرتی مسائل بھی پیدا ہوئے جو وقت کے ساتھ حل ہوئے۔ حکومت نے مہاجرین کی آبادکاری کے لئے خصوصی محکمہ بحالیات بھی بنایا جس نے کافی حد تک مہاجرین کی بحالی میں مثبت کردار ادا کیا۔

وسائل کی کمی اور ان کا حل:

حکومتی کام چلانے کے لئے نہ صرف دفتروں اور رہائش گاہوں کی کمی تھی بلکہ ان کی کرسیاں اور میزیں تو دور کی بات تھی بلکہ لکھنے کے لئے کاغذ بھی مناسب مقدار میں نہیں تھا لیکن حکومت نے ہمت نہیں ہاری اور حکومت نے عوام کی تعاون اور فلاحی حضرات کی تعاون سے ان مشکلات پر جلد قابو پالیا۔

معاشی مسائل اور ان کا حل:

پاکستان کی نئی حکومت کو سیاسی ڈھانچہ کے تکمیل کے ساتھ ساتھ ملک کو معاشی استحکام بھی فراہم کرنا تھا۔ مالی اثاثوں کے تقسیم میں پاکستان کے حصہ کے 750 ملین میں سے صرف 200 ملین روپے ادا کئے گئے۔ پاکستان نے معاشی نظام کے استحکام کے لئے جولائی 1948ء میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کا بنیاد رکھا اور اسی طرح دوسرے اقدامات سے حکومت نے ذمہ دارانہ طریقے سے معاشی بدحالی پر قابو پالیا اور پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا۔

دفاعی و فوجی اثاثوں کا مسئلہ اور ان کا حل:

پاکستان کے حصے کا فوجی ساز وسامان کا زیادہ تر حصہ اور دفتری ریکارڈ ہندوستان کے علاقے میں تھیں لیکن اس وقت کے کمانڈر انچیف کو تبدیل کر کے اس کے بروقت ترسیل میں رکاوٹ ڈالی گئی جس کے بعد پاکستان کو اپنے حصے سے کافی کم اور زنگ آلود، پرانا اور ٹوٹا پھوٹا سامان دیا گیا لیکن حکومت نے ہمت نہیں ہاری اور اپنے ملک کے اندر دفاعی سامان بنانے کے کارخانے لگانے پر توجہ دی اور امریکہ

وغیرہ سے دفاعی سامان کے فراہمی کے معاہدہ کے ذریعے ان مشکلات پر قابو آہستہ آہستہ پالیا۔

آئینی مسائل اور ان کا حل:

پاکستان کے قیام کے ساتھ نئے وطن کو چلانے کے لئے آئین اور قوانین کی ضرورت کے مسائل درپیش تھے لیکن حکومت وقت نے 1935ء کے ایکٹ میں ترمیم کر کے عارضی طور پر کاروبار سلطنت کو چلانے کے لئے اس کو نافذ کیا۔ پھر 1949ء میں قراردادِ مقاصد پاس کی گئی اور 1956ء میں ملک کو پہلا آئین دیا گیا۔ اسی طرح آئینی مسائل پر قابو پالیا گیا۔

کرنسی کا مسئلہ اور اس کا حل:

پاکستان کو اپنی کرنسی کے ماڈل اور چھپائی کے علاوہ بھارت کی طرف سے مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا تھا۔ بھارت نے اپنی کرنسی کے قیمت کم کر کے پاکستان کو بھی ایسا کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ پاکستان کے انکار کی وجہ سے انڈیا نے پاکستان کے پٹ سن اور کپاس خریدنے سے انکار کر دیا لیکن پاکستان نے ان مسائل پر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ قابو پالیا۔

کارخانوں اور صنعتوں کی کمی کا مسئلہ اور ان کا حل:

قیام پاکستان کے وقت اکثر کارخانے اور صنعتیں ہندوستان کے حصے میں آئیں اور سیمنٹ، چینی، کپڑے وغیرہ کے محدود کارخانے رہ گئے لیکن حکومت نے آہستہ آہستہ بڑے بڑے کارخانے اور صنعتیں قائم کر کے اس حوالے سے مسائل پر قابو پالیا۔

خارجہ پالیسی کے تعین کا مسئلہ اور ان کا حل:

قیام پاکستان کے ساتھ خارجہ پالیسی کے تعین کے حوالے سے کافی مسائل اور مشکلات تھے۔ اگر چہ قائداعظم محمد علی جناح اس حوالے سے واضح گائیڈ لائن بھی دے چکے تھے لیکن آہستہ آہستہ حکومت نے ان مشکلات اور مسائل پر گرفت مضبوط کر لیا۔

ریاستوں کے الحاق کے مسائل اور ان کا حل:

تقسیم ہندوستان کے وقت کل 562 ریاستیں تھیں۔ ان کو پاکستان یا ہندوستان کے ساتھ

الحاق کا فیصلہ کرنا تھا۔ حیدرآباد اور جونا گڑھ کو چھوڑ کر کشمیر کا مسئلہ قیام پاکستان سے لیکر اب تک پاکستان کے لئے دردِ سر بنا ہوا ہے اور اب تک حکومت اس کے قابل قبول حل میں ناکام ہے۔

آبی مسائل اور ان کا حل:

ریڈ کلف کے غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے پاکستانی نہروں کے ہیڈ ورکس ہندوستان کے حوالے کیے گئے۔ 1948ء میں ہندوستان نے بغیر اطلاع کے پاکستان کے نہروں کی پانی روک دی جس سے نہ صرف پنجاب اور سندھ کی فصلیں تباہ ہوئے بلکہ ان زرخیز زمینوں کی تباہی یقینی تھی لیکن حکومت کی کوششوں سے ورلڈ بینک کے تعاون سے دونوں ملکوں کے درمیان سندھ طاس معاہدہ 1960ء میں ہوا جس سے آبی مسائل حل ہو گئے۔ اس کی رُو سے سندھ، جہلم اور چناب کے دریا پاکستان کو جبکہ راوی، بیاس اور ستلج ہندوستان کو دیے گئے۔

سوال 2: پاکستان میں مارشل لاء کے نفاذ کے اسباب بیان کریں؟

جواب: جس طرح ہر عمل کا ردِ عمل ہوتا ہے اسی طرح پاکستان کا پہلا مارشل لاء جو کہ 17 اکتوبر 1958ء کو لگایا گیا عمل نہیں بلکہ اعمال کا ردِ عمل تھا۔ جن اہم اسباب اور وجوہات کی وجہ سے پاکستان میں اس مارشل لاء کو نافذ کیا گیا تھا درج ذیل ہیں۔

خراب ملکی معیشت:

ملک میں معاشی عدم استحکام تھا۔ زرعی ملک ہونے کے باوجود غذائی اجناس درآمد کی جاری تھی۔ سمگلنگ، چور بازاری اور ذخیرہ اندوزی عام تھی۔ دھاندلی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔ خراب ملکی معیشت نے مارشل لاء کے لئے راستہ ہموار کر دیا۔

سیاسی ابتری:

قائداعظم اور لیاقت علی خان کے بعد مخلص سیاسی رہنماؤں کی عدم موجودگی میں سیاسی ابتری نہ صرف پیدا ہو چکی تھی بلکہ پھیلتی جاری تھی۔ ملک میں الیکشن ملتوی ہوتے رہے تھے۔ وزیراعظم تبدیل ہوتے رہے تھے۔ ملک میں برائے نام پارلیمانی نظام تھا۔ وزیراعظم صرف برائے نام تھا۔ اصل

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

اختیارات صدر کے پاس تھے۔ سیاستدان اسلام اور جمہوریت کے زبانی دعوؤں کے ذریعے غریب عوام کا استحصال کر رہے تھے۔ سیاسی ابتری نے ملک میں مارشل لاء کو دعوت دی۔

خراب تجارتی حالات:

ملک میں منافع خوری اور کھانے کے اشیاء میں ملاوٹ عام تھی۔ عالمی منڈی میں ہماری مصنوعات اور خام مال کی مانگ ختم ہونے کے قریب تھی۔ کرنسی کی قیمت گر گئی تھی۔ ترقیاتی منصوبوں کے لئے پاکستان مغربی ممالک کے رحم و کرم پر تھا۔ صنعتی ترقی کی رفتار بالکل سست ہو گئی تھی۔ ہڑتالیں، تالا بندیاں اور صنعتی جھگڑے روزانہ کا معمول بن چکے تھے اور عوام حکمرانوں سے بدظن ہو چکے تھے۔ ایسی صورت حال مارشل لاء کو دعوت دینے کی مترادف تھی۔

معاشرتی خرابیاں:

ملک میں سیاسی و معاشی ابتری نے معاشرے میں بیگانگی کا احساس پیدا کیا۔ صوبائی عصبیت زوروں پر تھی۔ ملک کے دونوں حصوں میں تناؤ تھا اور عوام ایک پُر اثر تبدیلی چاہتے تھے۔ ایسی تبدیلی جس میں جمہوریت، مساوات اور عوام کی معاشی اور معاشرتی خوشحالی ہوں، یہ معاشرتی خرابیاں مارشل لاء کا سبب بنے۔

سیاسی سازشیں:

تمام سیاستدان ایک دوسرے کے خلاف سیاسی سازشیں کرتے رہے۔ راتوں رات وفاداریاں بدلنے کا رجحان عام تھا جو مارشل لاء کے لئے راستہ ہموار کر گئی۔

احساس عدم ذمہ داری:

سیاستدانوں، حکمرانوں اور نوکر شاہی میں احساس ذمہ داری بالکل ختم ہو گئی تھی۔ تمام قومی مفاد کے بجائے ذاتی مفاد کے حصول کے دوڑ میں ایک دوسرے کو پیچھے چھوڑ رہے تھے۔ یہ سب کچھ مارشل لاء کو دعوت دینے کے مترادف تھا۔

عدلیہ کا منفی کردار:

پاکستان میں مارشل لاء کے نفاذ میں عدلیہ کا کردار نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ عدلیہ اگر فوجی

حکومت کو غیر قانونی قرار دینے کے فیصلے پر قائم رہتی تو ملک میں کبھی بھی مارشل لاء کا نفاذ نہیں ہوتا لیکن ملک کے اہم ستون عدلیہ نے قابل ستائش کردار کے بجائے مارشل لاء کو جائز قرار دیا۔

اصل مسائل سے غفلت:

حکمرانوں نے ملک کے پرانے اور اصل مسائل جیسے مہاجرین کی آبادکاری، نہری پانی کا مسئلہ اور کشمیر جیسے بنیادی تنازعات کو سرد خانے میں پڑے رہنے دیا اور ان مسائل کے حل کے لئے کوئی قابل ذکر کوشش نہیں کی گئی۔ ایسی ہی حالات میں ملک کے صدر اسکندر مرزا نے آئین کو کالعدم قرار دیا اور سارے ملک میں مارشل لاء نافذ کر دیا۔ جس سے جمہوری عمل کے استحکام کو جھٹکا لگا اور ابھی تک اس کے اثرات موجود ہیں۔

سوال 3: 1956ء اور 1962ء کے آئین پر روشنی ڈالیں اور ان کے چیدہ چیدہ نکات کا موازنہ کریں؟

جواب: 1956ء اور 1962ء کے آئین:

قیام پاکستان کے 9 سال بعد 1956ء میں پاکستان کو پہلا آئین ملا۔ یہ آئین محمد علی کے دور حکومت / وزارتِ عظمیٰ میں 29 جنوری 1956ء کو دستور ساز اسمبلی میں پاس ہوا اور 23 مارچ 1956ء کو نافذ ہوا۔

1960ء میں ایوب خان نے چیف جسٹس کی قیادت میں آئین سازی کے لئے کمیشن مقرر کیا جس کی رپورٹ 1961ء میں صدر ایوب خان کو پیش کی گئی لیکن ایوب خان نے ایک اور آئینی کمیشن کو مقرر کیا جس نے ملک کے لئے آئین کا خاکہ مرتب کیا اور ایوب خان نے یکم مارچ 1962ء کو ایک صدارتی حکم کے ذریعے 1962ء کے آئین کا نفاذ کیا۔

1956ء اور 1962ء کے آئین کے چیدہ نکات کا موازنہ:

پارلیمانی بمقابلہ صدارتی: 1956ء کا آئین پارلیمانی تھا۔ ملک کا حقیقی حکمران وزیر اعظم تھا اور صدر کے پاس برائے نام اختیارات ہوتے تھے لیکن 1962ء کا آئین صدارتی نظام

حکومت پر مبنی تھا اور اصل اور حقیقی اختیارات کا مالک صدر مملکت ہوتا تھا۔ وزیر اعظم کے عہدے کی گنجائش اس میں نہیں تھی۔

تحریری طور پر بڑی و چھوٹی: 1956ء اور 1962ء کے دونوں آئین تحریری تھے۔ لیکن 1956ء کا آئین 234 نکات پر مشتمل تھا جبکہ 1962ء کا آئین 250 نکات پر مشتمل تھا۔

ملک کا نام: 1956ء کے آئین کے دفعہ ایک کے تحت ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا جبکہ 1962ء کے آئین میں پہلے ملک کا نام جمہوریہ پاکستان رکھا گیا لیکن بعد میں ایک ترمیم کے ذریعے اس میں اسلامی کا اضافہ کیا گیا۔

لچکدار و غیر لچکدار: 1956ء کا آئین 1962ء کے آئین کے مقابلے میں لچکدار تھا کیونکہ اس میں آئین میں ترمیم کا طریقہ اتنا مشکل نہیں تھا بلکہ 1962ء کے آئین میں ترمیم کرنا مشکل تھا۔

وفاقی نظام: 1956ء اور 1962ء کے دونوں آئینوں میں وفاقی نظام حکومت تھا۔ اختیارات مرکز اور صوبوں میں تقسیم تھی لیکن مرکز کے پاس اختیارات زیادہ تھے۔

یک ایوانی: 1956ء اور 1962ء کے دونوں آئینوں میں یک ایوانی مقننہ تھا۔ 1956ء کے آئین کے تحت قومی اسمبلی کے ارکان کی تعداد 300 جبکہ 1962ء کے آئین کی رُو سے قومی اسمبلی کی ممبران کی تعداد پہلے 156 تھی جسے بعد میں 218 مقرر کیا گیا۔

اسلامی دفعات: 1956ء اور 1962ء کے دونوں آئینوں میں بہت سے اسلامی دفعات شامل کئے گئے۔ جیسے ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان، صدر مملکت یا وزیر اعظم کا مسلمان ہونا وغیرہ۔

عدلیہ کی آزادی: 1956ء اور 1962ء کے آئین کی رُو سے عدلیہ کی آزادی کی ضمانت دی گئی تھی کہ عدلیہ پر کسی بھی قسم کا دباؤ نہیں ہوگا۔

قومی زبانیں: 1956ء اور 1962ء کے آئینوں کا موازنہ زبانوں کے حوالے سے بھی ضروری ہے کیونکہ اُردو اور بنگالی دونوں کو قومی زبانیں قرار دیئے گئے تھے۔

بنیادی انسانی حقوق: 1956ء اور 1962ء کے آئینوں میں بنیادی انسانی حقوق کے

تحفظ کی ضمانت دی گئی تھی کہ ریاست کسی بھی حال میں شہریوں کے بنیادی حقوق غصب نہیں کرے گی۔

طریقہ انتخابات: 1956ء کے آئین کے تحت براہ راست انتخابات کے طریقے کو رائج کیا گیا تھا جبکہ 1962ء کے آئین میں بی۔ڈی ممبران کا انتخاب براہ راست تھا جبکہ صدر اور پارلیمنٹ کے ممبران کو بی۔ڈی ممبران کے ذریعے منتخب کیا جاتا تھا یعنی 1956ء کی آئین بالا واسطہ (Direct) انتخابات اور 1962ء کے آئین میں بالواسطہ (Indirect) انتخابات کا طریقہ رائج کیا گیا تھا۔

دارُ الخلافہ کی تبدیلی:

1956ء کے آئین میں دارُالخلافہ کے بارے میں کچھ نہیں کہا گیا تھا۔ جبکہ 1962ء کے آئین میں دارُالخلافہ کے کراچی سے اسلام آباد منتقلی کی بات کی گئی تھی۔ اور اسلام آباد کو دارُالخلافہ قرار دیا گیا تھا۔

الیکشن کمیشن: 1956ء کے آئین میں الیکشن کمیشن، نیشنل اکانومک کونسل اور نیشنل فنانس کمیشن کا ذکر نہیں تھا جبکہ یہ ادارے 1962ء کے آئین کے تحت قائم کیے گئے۔

سوال 4: جنرل ایوب خان کے دورِ حکومت اور ان کی اصلاحات کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ (یا)

